اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

الحمد للہ کتاب

طُمَانِیْنَۃُ الْقُلُوْبِ فِیْ ذِکْرِ الْمَحْبُوْبِ

المعروف بنام تاریخی

لَذَّاتِ مِسْکِیْن

۱۳۱۱ھ

مشتمل بر چہل رسالہ در سہ جلد

سماہ جمادی الاخری سنہ ۱۳۱۲ھ

بار اوّل

در مطبع مفید دکن حیدرآباد طبع شد

الا بذکر اللّٰہ تطمئن القلوب

الحمد للّٰہ مجموعہ ملفوظات سیدنا و مرشدنا حضرت محمد نعیم المعروف

مسکین شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی المسمّٰی بہ

طمانینۃ القلوب فی ذکر المحبوب

المعروف بنام تاریخی

لذّات مسکین

۱۳۱۳ھ

جلد اوّل

مشتمل بر ہشت رسایل مفصلۂ ذیل

سگ آستانہ حضرت ایشاں فقیر مسکین ابوطاہر محمد عبد القادر

عفی عنہ بکمال تصحیح بقالب طبع رسانید

در مطبع مفید دکن بماہ ربیع الاول سنہ ۱۳۱۳ھ

طبع شد

فہرست جلد اول لذات مسکین

تمت

فہرست جلد اوّل

الا بذکر اللہ تطمئن القلوب

الحمد للہ مجموعہ ملفوظات پیر دستگیر مع دعوات پیر مرشد مروج طریقہ نقشبندیہ مجددی
ہادی سبل بعث خیر البشر مجدد مائۃ رابعۃ العشر سیدنا و مولانا و مرشدنا
حضرت محمد نعیم المعروف مسکین شاہ صاحب قبلہ مدظلہم العالی المسمیٰ

طمانینۃ القلوب فی ذکر المحبوب

المعروف بنام تاریخی

لذات مسکین

۱۳۱۱ھ

جلد اوّل

سگ ناچیز آستانہ حضرت السامان قلبی و روحی فداہ فقیر حقیر
مسکین ابوطاہر محمد عبدالقادر عفی عنہ ہمراہ سعی خاصہ
یاران طریقہ بکمال تصحیح و تہذیب بقالب طبع رسانید

در مطبع مفید دکن حیدرآباد دکن طبع شد

رسالہ عقائد ضروریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین الصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین محمد صلعم وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔ بعد حمد وصلوٰۃ کے ایمان لے آ اور یقین جان لے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے یعنی نہین ہے دوسرا شریک اُسسے اور وہ اللہ تعالیٰ قدیم ہے یعنی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہیگا اور وہ اللہ تعالیٰ موجود ہے یعنی ذات سے اپنی موجود ہے نہ دوسرے سے اور وہ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے یعنی وجود اُسکا واجب اور لازم ہے۔ جان اللہ تعالیٰ کے تئین صفتین حقیقیہ ہین اور وہ قدیم ہین۔ جیسا کہ حیات۔ علم۔ قدرت ارادت۔ سمع۔ بصر۔ کلام۔ تکوین۔ پس اللہ تعالیٰ حی ہے یعنی جیتا ہے بغیر جسم وجان کے۔ اور علیم ہے یعنی جانتا ہے بغیر وہم وخیال کے۔ اور قدیر ہے یعنی سب چیز پر قادر ہے۔ اور مرید ہے یعنی ارادہ کرنے والا ہے

تمام کام ارادے سے اُسکے ہوئے اور ہوتے ہین۔ اور سمیع ہے یعنی
سُننے والا ہے بغیر کانون کے۔ اور بصیر ہے یعنی دیکھنے والا ہے بغیر
آنکھون کے۔ کوئی چیز نظر سے اُسکے پوشیدہ نہین ہے۔ اور متکلم ہے
یعنی باتین کرنے والا ہے بغیر زبان کے۔ اور مُتکوِّن ہے یعنی پیدا کرنے
والا ہے تمام ممکنات کا اِن صفتون کے تئین صفاتِ کاملہ بھی کہتے
ہین۔ جان کہ علماء محققین نے صفات ثبوتیہ حقیقیہ کے تئین لاہو
ولا غیرہ فرمائے ہین یعنی یہ صفات نہ عین ذات ہین نہ غیر ذات
سوائے صفات حقیقیہ کے صفات اضافیہ بے شمار ہین جیسا کہ خالقیت
رازقیت۔ اِحیا۔ اِمات۔ پس اللہ تعالےٰ خالق ہے یعنی پیدا کرنیوالا
عالم کا ہے۔ اور رازق ہے یعنی رزق دینے والا تمامونکا ہے۔ اور محُیی
ہے یعنی زندہ کرنیوالا ہے۔ اور مُمیت ہے یعنی مارنے والا ہے۔
ایمان لے آ اور یقین جان کہ اللہ تعالےٰ جسم وجسمانی نہین ہے یعنی
تن دار نہین ہے اور جوہر نہین ہے۔ جان کہ جوہر بھی قسم سے تن کے
ہے۔ اور عرض نہین ہے یعنی سیاہ یا سفید یا مانند انکے اور کوئی صفت دار
نہین ہے۔ اور مُصوّر نہین ہے یعنی صورت دار نہین ہے۔ اور مرکب
نہین ہے یعنی ٹکڑے ٹکڑے جمع نہین ہے۔ اور معدود نہین ہے
یعنی مانند یک دو تین کے شمار کئے نہین جاتا ہے۔ جان کہ اللہ تعالےٰ

ایک ہے نہ ایسا ایک کہ دو تین۔ چار۔ پانچ۔ اُس ایک سے گنے جاتے ہین۔ اور محدود نہین ہے یعنی اطراف گھیرا نہین گیا ہے۔ اور متناہی نہین ہے یعنی انتہا نہین رکھتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ لنبا چوڑا اونچا چھوٹا کشادہ تنگ نہین ہے بلکہ اللہ تعالےٰ کشادہ ہے نہ ساتھ اِس کشادگی کے کہ فہم مین ہماری آوے۔ اور گھیرا ہے ہمارے تئین نہ ایسا کہ سمجھ مین ہماری اوے ایمان لے آتے ہین ہم کہ اللہ تعالےٰ واسع ہے اور محیط ہے اور قریب ہے لیکن کیفیت اُسکی نہین جانتے ہین ہم۔ جان کہ اللہ تعالےٰ نہ داخل عالم ہے نہ خارج عالم ہے نہ متصل عالم ہے نہ منفصل عالم ہے ایسا داخل اور خارج اور متصل اور منفصل کہ قیاس مین ہمارے آوے اور یقین جان کہ ذات اللہ تعالیٰ کی جہات ستہ سے خالی ہے یعنی آگے پیچھے اوپر نیچے سید ہے بائین کسی طرف تخصیص کی گئی نہین ہے۔ اور اللہ تعالےٰ ساتھ کسی چیز کے ملتا نہین ہے اور کوئی چیز ساتھ اُسکے ملتی نہین ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کسی شی مین دہستا نہین ہے اور کوئی شی بیچ اُسکی دہستی نہین ہے جیسا کہ پانی بیچ ڈہیلے کے یا آگ بیچ پتھر کے۔ اور کوئی زمانہ شامل اللہ تعالیٰ کو نہین ہے نہ ماضی نہ حال نہ استقبال۔ اور اللہ تعالےٰ مان اور باپ سے اور زن و فرزند سے پاک ہے یعنی کسی نے اُسکو جنا نہین ہے اور کوئی اُس سے جنے نہین گیا ہے اور اللہ تعالےٰ کہانے پینے سے سونے جاگنے سے مبرّا ہے

پس کسی طور سے غفلت کو دخل جناب باری مین نہین ہے ہمیشہ حاضر اور ناظر ہے۔ جان کہ اطلاق شی کا حضرت بیچون پر کرتے ہین نہ ایسی شئے کہ بیچ ممکنات کے ہے کہ وہ حادث ہے اللہ تعالےٰ حدوث سے منزہ ہے جان کہ اللہ تعالےٰ بیچون وبیچگونہ اور بے شبہہ اور بے نمونہ ہے یعنی جو صفتین کہ بیچ ممکنات کے ہین اُن صفتون سے پاک اور مُبرا ہے اور کوئی مانند اللہ تعالےٰ کے نہین ہے بیچ ذات یا صفات کے اور کوئی اللہ تعالےٰ کی مشابہت نہین رکہتا ہے اور کوئی اللہ تعالیٰ کا مخالف اور معاند نہین ہے یعنی کسی طور سے بال برابر مقابلہ کرنے والا نہین ہے اور اللہ تعالےٰ کسیوقت محتاج مدد کا نہین ہے اور کوئی مددگار اُسکا نہین ہے تمام ادنیٰ مخلوق اُسکے ہین کسے طاقت کہ مدد اُسکی کرے جو صفتین کہ کمال کی ہین اللہ تعالےٰ ان صفتون سے صفت کیا گیا ہے اور جو چیزین کہ نقصان کی ہین اللہ تعالےٰ سے مسلوب ہین۔ جان کہ جو نام پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس ذاتِ پاک کے لئے ہین وہی نام لینا اور سوائے اُنکے دوسرے نام نہ لینا اگرچہ معنی ایک ہووین جو اوکہنا تحقیق نہ کہنا جیسا کہ بیچ اِس زمانہ کے بعضے عوام کہتے ہین رحیم اور رام دونون نام اُسکے ہین بیچ اِسکے کفر ہے۔

فصل بیچ بیان تقدیر کے۔ جان کہ اللہ تعالےٰ جیسا پیدا کرنے والا

بندو نکا ہے ویسا ہی پیدا کرنے والا افعال اُنہوںکا ہے نیکی ہووے یا بدی تمام مقدر کیئے گئے اللہ تعالے کے ہین لیکن نیکی سے راضی ہے اور بدی سے راضی نہین ہے ہرچند دونون ساتھ ارادے اور خواہش اُس سبحانہ کے ہین باوجود پیدا کرنے افعال کے اللہ تعالے نے بندون کے تئین بیچ کرنے کامون کے اختیار عطا فرمایا ہے اور کسب بیچ اُسکے ثابت بندہ مختار ہے نیکی کرے یا بدی پس بسبب اِس اختیار کے نیکی پر ثواب عطا فرماتا ہے اور بدی پر عذاب وارد کرتا ہے۔ یقین جان کہ توفیق اوپر عبادت کے اور گمراہی اوپر معصیت کے اللہ تعالے سے ہے۔

فصل۔ بیچ بیان رویت کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ مومنان اللہ تعالے کے تئین بیچ بہشت کے ساتھ طور بیچون اور بیچگونگی کے اور بے کیف بے کیفیت بے مقابلہ بے جہت بے احاطہ دیکھین گے۔

فصل۔ بیچ بیان ایمان اور اعتقاد فرشتون کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی مخلوق نورانی ہین اور عبادت مین لاثانی ہین بال برابر خلاف حکم نہین کرتے ہین نہ مرد ہین نہ عورت ہین دونون حال سے پاک ہین نہ کھاتے ہین نہ پیتے ہین غذا اُنکی ذکر اور فرمانبرداری الٰہی ہے جَلّ جلالہ اولاد اُنہون سے جاری نہین ہے فقط ارواح مجرد ہین گنتی اُنہون کی سوائے اللہ تعالے کے دوسرے کو معلوم نہین

ہے ایک حصہ تمام عالم ہے اور نو حصے وہ ہین یہانتک کہ ہر ایک قطرے کے
ساتھ ایک فرشتہ موکل ہے۔ تمام عالم مین دخل اُنھون کو ہے اور
سوائے صورت اپنی ہر کسیکی صورت پر قادر ہین جبکی صورت چاہتے
ہین اُسکی صورت سے ظاہر ہوتے ہین۔ چار اُنھون سے مرتبہ عظیم رکھتے
ہین اور مقام نبوت سے سرفراز ہین۔ ایک جبرئیل۔ دوسرے اسرافیل
تیسرے میکائیل چوتھے عزرائیل علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیمات
جبرئیل علیہ السلام واسطے پیغام لے آنے نبیون پر مقرر ہین۔ اسرافیل
علیہ السلام واسطے پھونکنے صور کے کھڑے ہین۔ میکائیل علیہ السلام واسطے
تقسیم کرنے رزق کے حکم کیے گئے ہین۔ عزرائیل علیہ السلام واسطے نکالنے
جان جاندارون کے مقرر ہین۔ بعد ان چارون کے اُٹھانے والے عرش کے
ہین۔ بعد انکے ہر ایک اپنے اپنے کام پر اور مقام پر ہے۔ جان کہ رسول
بنی آدم کے علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات افضل ہین اور رسول فرشتون کے
علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات اور رسول فرشتون کے افضل ہین عام مسلمانون
اور عام مسلمان افضل ہین عام فرشتون سے اور عام فرشتے افضل ہین گنہگار مسلمانون سے

فصل۔ بیچ بیان ایمان اور اعتقاد انبیا علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کے
ایمان لے آ اور یقین جان کہ تمام رسولان صلوات اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین
بنی آدم ہین اور بھیجے ہوئے اللہ جل جلالہ کے طرف خلق اللہ کے ہین

راستہ نیکی کا بتانا اور بدی سے بچانا کام اُنہون کا ہے جو قبول کیا اُنکو
اور اُنکے راستے کو وہ بہشت مین گیا اور جو خلاف اُنکے کیا وہ دوزخمین
پڑا اور تمام رسولان صلوٰۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔ تمام بنی آدم سے اور
فرشتون سے افضل ہین اور معصوم ہین یعنی گناہ کبیرہ اور صغیرہ سے پاک
اور مبرا ہین وہ جو فرماے ہین تمام حق ہے اُسمین بال برابر خلاف نہین ہے
جان کہ مرتبہ نبوت اور رسالت کا عبادت سے اور کسب سے نہین حاصل
ہوتا ہے محض فضل آلہی ہے جل جلالہ کوئی ریاضت سے رسول نہین
بنتا ہے اور اللہ تعالےٰ نے اُنھون کو معجزے عنایت فرمائے ہین۔ معجزہ
اُسکے تئین کہتے ہین جو خرق عادت ساتھ دعوے نبوت کے ہووے
جیسا کہ موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا عصا اژدہا ہوتا تھا اور عیسیٰ
علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا سے مردہ زندہ ہوتا تھا اسیطور سے
ہر ایک پیغمبر کو ایک دو معجزہ عطا فرمایا تھا۔ اور نبی ہمارے محمد صلی اللہ
تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے تئین تمام معجزے سب نبیون کے عنایت فرمائے
تھے سوا ے اُن معجزون کے جو آپ چاہتے تھے عنایت فرماتا تہا بلکہ ادنے
امتیون سے آپ کے ذ[illegible] کام خلاف عادت ہوے کہ اوپر کے نبیون سے
ہوے تہے۔ جان کہ کوئی عورت یا کوئی غلام یا کوئی جہوٹا نبی نہین ہوا
سکندر ذوالقرنین اور لقمان حکیم ان دونون کی نبوت مین اختلاف ہے۔ جو نبی

بولے اُس سے جھگڑا نہ کر کر اقرار اور انکار نبوت سے اِن دونون کے سکوت کرنا۔ اور نبوت مین حضرت خضر علیٰ نبینا وعلیہ السلام کے بھی اختلاف ہے لیکن قول صحیح طرف نبوت کے ہے۔ پہلے رسُول دادا ہمارے حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ہین اور آخر رسُول یعنی ختم المرسلین فخر الاولین والآخرین محبوبؐ رب العالمینؐ نبیؐ ہمارے رسُولؐ ہمارے سردار ہمارے یعنی حضرت محمدؐ مصطفےٰ ہین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم بیٹے عبد اللہ کے عبد اللہ بیٹے عبد المطلب کے۔ عبد المُطلب بیٹے ہاشم کے۔ ہاشم بیٹے عبد المناف کے۔ جان کہ ایک لاکھہ چوبیس ہزار اور بعضے روایت مین دو لاکھہ چوبیس ہزار اگرچہ پیغمبر شمار کئے جاتے ہین انحصار اُنھو نپر نہ کر کر مطلق تمامون پر ایمان لے آنا۔ اگر ایمان ایک پر نہ لایا گویا تمامو نپر نہ لایا۔ جان کہ بعضے اُنہون سے نبیؐ ہین اور بعضے رسُول ہین رسُول اور نبی دونون بھیجے ہوئے اللہ جلّ جلالہٗ کے ہین۔ لیکن سات رسُول کی کتاب اور شریعت بھی ہے اور سات نبی کے نہین ہے اور پانچ اُن رسُولون مین اولوالعزم ہین یعنی مرتبہ بڑا رکھتے ہین ایک نوحؑ۔ دوسرے ابراہیمؑ۔ تیسرے موسیٰؑ۔ چوتھے عیسیٰؑ علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام۔ پانچوین حضرت محمدؐ رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم کہ سردار اُن چارون کے ہین ختم المرسلین فخر الاولین والآخرین اور رحمۃ للعالمین ہین کہ بھیجے ہوئے تمام ہین کیا انسان اور کیا جنات

اور سبب پیدایش ممکنات کا آپ ہین کہ واسطے آپ کے اللہ تعالے جل شانہٗ نے
تمام ممکنات کو پیدا کیا اور ربوبیت اپنی ظاہر کیا دین اور شریعت آپ
کی قیامت تک باقی رہیگی۔ بعد آپ کے کوئی رسول نہ ہوا ہے نہ قیامت تک
ہوگا۔ عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کہ آسمان پر ہین قریب قیامت
کے واسطے مارنے دجال لعین کے اُترینگے آپ کی شریعت پر اور دین پر
عمل کرینگے اور مانند امت آپ کے زندگانی کرینگے آپ کی امت مین
داخل ہونے کا فخر کرینگے۔

فصل — بیچ بیان ایمان اور اعتقاد کتابان اللہ جل جلالہٗ کے۔

ایمان لے آ اور یقین جان کہ جو کتابان اللہ تعالےٰ نے پیغمبرون پر بھیجا ہے
وہ تمام کلام اللہ تعالےٰ کا ہے۔ اور غیر مخلوق ہے کہ اُسمین بال برابر شبہہ
نہین ہے۔ اگر کسی نے شبہہ کیا وہ ایمان سے باہر ہوا۔ جان کہ علماؤن
نے اگرچہ شمار کتابون کا ایک سو چار تک کئے ہین انحصار او ن پر کر
مطلق ایمان لے آنا شاید کہ اس گنتی سے زیادہ ہووین یا کم ہوئین۔
اُن کتابون سے چار کتابان بڑے اور مشہور ہین ایک توریت کہ
اوپر موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے نازل ہے دوسرے زبور
کہ اوپر داؤد علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے نازل ہے تیسری انجیل
کہ اوپر عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے نازل ہے چوتھے قرآن

شریف کہ خلاصہ اُن تمام کتابون کا ہے کہ اوپر خلاصہ عالم اور سردار اولاد
آدم حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کے نازل ہے
جان کہ تمام کتابین بعد ذکر الٰہی جل جلالہٗ اور احکام شرعی کے بھرے ہوئے
تعریف مین حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ و آلہ وسلم کے اور
آل اور اصحاب اور اُمت آپ کے ہین کہ ابنیا اوپر کے علی نبینا وعلیہم الصلوٰة
والسلام ذکر سے اور تعریف سے آپ کے قرب الٰہی جل جلالہٗ پیدا کرتے
تھے۔ جان کہ تمام کتابونپر ایمان لے آنا۔ لیکن تابعداری احکام اُنہون
کی نہ کرنا واسطے منسوخ ہونے احکام اُنہون کے آور قرآن شریف پر
باوجود ایمان کے تابعداری تمام احکام کی فرض اور لازم ہے جسنے
تابعداری نہ کیا اُسنے ایمان قرآن شریف پر نہ لایا۔ آور ایمان لے آکہ
قرآن شریف کلام اللہ تعالے کا ہے نہ کلام پیغمبر صلی اللہ تعالے علیہ و آلہ
وسلم کا نہ کلام جبرئیل علیہ السلام کا ہے۔ معجزہ بیچ عبارت اور معانی اُسکے
یہ ہے کہ اگر تمام عالم جمع ہووین مانند چھوٹے سورے کے بنا نہ سکین
اور جان کہ حدیث قدسی بھی کلام اللہ تعالے کا ہے۔ لیکن فرق درمیان
مین قرآن شریف اور حدیث قدسی کے یہ ہے کہ قرآن شریف واسطے
سے جبرئیل علیہ السلام کے پہنچا ہے اور حدیث قدسی کو واسطہ جبرئیل
علیہ السلام کا نہین ہے۔ پس معانی اُسکے اوپر قلب مبارک حضرت

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے وارد ہوئے ہین اور عبارت
اُسکی زبان مبارک سے ارشاد فرمائے ہین۔ جان کہ بیچ اُس عبارت کے
مانند قرآن شریف کے معجزہ نہین ہے۔ جان کہ جیسا کہ حضرت محمد رسول اللہ
صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم ختم المرسلین ہین ویسا ہی قران شریف
ختم کتب اولین ہے کہ بعد اُسکے نہ دوسری کتاب نازل ہوئی ہے نہ
قیامت تک ہو گی۔ اور احکام اُسکے قیامت تک جاری رہین گے۔

فصل بیچ بیان اعتقاد معراج شریف کے۔ ایمان لے آ
اور یقین جان کہ معراج حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ
وآلہ وسلم کا ساتھ جسم مبارک کے بیچ بیداری کے ہوا ہے۔ یعنی اللہ تعالے
نے مکہ شریف مین ذات مبارک کے تئین مسجد حرام سے مسجد اقصے تک
اور مسجد اقصے سے آسمان اوّل تک اور آسمان اوّل سے عرش تک
اور عرش سے مقام قاب قوسین او ادنی تک لیگیا ہے۔
جان کہ حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم نے جمال
بیچون وبیچگونگی کو ان آنکھون سے دیکھے ہین اور اس دیکھنے مین بھی
علماؤن نے اختلاف کئے ہین یعنے بعضے عدم رویت کے قایل ہین
اور جان کہ حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے
تئین باوجود خاصئہ بیشمار کے دو خاصئہ بڑے ہین۔ ایک معراج شریف

دوسرا مقام شفاعت کہ بیچ اسکے دوسرے انبیاؤن کے تئین علی نبینا وعلیہم الصلوۃ والسلام شرکت نہین ہے۔

فصل — بیچ بیان ایمان اور اعتقاد روح کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ روح مانند تمام ممکنات کے نو پیدا ہے۔ قدیم نہین ہے کسی نے قدیم جانا نہایت برائی کیا۔ اور مذہب اہل سنت وجماعت کا خلاف کیا۔

فصل — بیچ بیان ایمان اور اعتقاد خیریت امت حبیب رب العالمین صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ جیسا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم بہتر تمام انبیاؤن کے ہین امت آپکی بہتر تمام امتون کی ہے۔ اور صحابہ رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے بہتر تمام امت کے ہین اور بعد صحابہ رضے اللہ تعالے عنہم کے تابعین اور بعد تابعین کے تبع تابعین ہین۔ جان کہ صحابی رضے اللہ تعالے عنہ اس ذات پاک کے تئین کہتے ہین کہ ساتھ ایمان کے صحبت سے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے مشرف ہووے اگرچہ وہ صحبت ایک ساعت تھی۔ اور تابعین وہ ہین جو صحابہ رضے اللہ تعالے عنہم سے ملاقات کئے اور فیض سے اُنھون کے مشرف ہوے۔ اور تبع تابعین وہ ہین جو تابعین کو دیکھے اور فرمانبردارے

انھون کے کیئے جان کہ کوئی عام مؤمن سے مرتبہ اولیا رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہم کو نہین پہنچتا ہے ۔ اور کوئی اولیاؤن سے مرتبہ صحابی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو نہین پہنچتا ہے ۔ اور کوئی صحابیون سے رضے اللہ تعالے عنہم مرتبہ رسولون کو نہین پہنچتا ہے علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام ۔

فصل بیچ بیان خلافت خلفاء راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ۔

ایمان لے آ اور یقین جان کہ بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے اور بعد انبیاؤن کے علی نبینا وعلیہم السلام مرتبہ حضرت صدیق اکبر رضے اللہ تعالے عنہ کا ہے کہ آپ جانشین مطلق اور خلیفہ برحق حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے ہین اور قرابت مین سُسر ہین اور بعد حضرت صدیق اکبر رضے اللہ تعالے عنہ کے مرتبہ حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالے عنہ کا ہے کہ آپ خلیفہ دوسرے آن سرور صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے ہین آپ بھی سُسرے ہین اور بعد حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالے عنہ کے مرتبہ حضرت عثمان ابن عفان رضے اللہ تعالے عنہ کا ہے کہ آپ خلیفہ تیسرے رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے ہین اور قرابت مین داماد ہین ۔ اور بعد حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالے عنہ کے مرتبہ حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ تعالے وجہہ کا ہے کہ آپ خلیفہ چوتھے حضرت محمد صلی اللہ مصطفےٰ صلی اللہ

رضی اللہ تعالیٰ عنہم آپس مین ایک دوسرے پر نثار تھے اور مانند دودہ شکر کے ملے
ہوے تھے بال برابر آپسمین کدورت نہین تھی عیاذاً باللہ اگر کسی نے کدورت جانا
وہ اپنی خباثت کے تئین اُن ذاتون پاکون پر خیال کیا جو لڑائیان کہ بعد حضرت
جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آپسمین ہوئے وہ واسطے حق کے
تھے نہ واسطے ہوائے نفس کے لیکن فرق یہ تہا کہ ایک طرف دو ثواب ملتی تہے اور دوسری
طرف ایک ثواب ہرگز خیال اُن لڑائیون پر نہ کر کر صاف دلی سی تمام صحابہ اور اہل
بیت رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اعتقاد اور محبت کامل رکہنا نعوذ باللہ منہا کسی بہی
ادنی صحابی سی یا اہل بیت سی بغض رکہا یقین کہ اُسنے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وآلہ وسلم سے بغض رکہا بس جو جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے
بغض رکہا وہ ایمان سی باہر ہوا اور جان کہ بوقت ذکر ہر صحابی اور اہل بیت کے رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کہنا اور نیکی سی یاد کرنا جان کہ صحابہ اور اہل بیت رضی اللہ تعالیٰ عنہم بشارت
دیے گئے جنت کے ہین یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم
نے خوشخبری جنت کے پہنچائے بیچ بعضون کو خاص اور بعضون کو عام
پس عشرہ مبشرہ مشہور واسطے اِسکے ہین کہ وقت واحد مین زبان مبارک
سے نام پاک دسونکا لیکر بشارت [illegible] کی فرماے ہین۔ یعنی ابوبکر بیچ جنت کے
اور عمر بیچ جنت کے اور عثمان بیچ جنت [illegible] اور علی بیچ جنت کے اور طلحہ بیچ جنت کے اور زبیر
بیچ جنت کے اور عبدالرحمن بن عوف بیچ [illegible] بہشت کے اور سعد بن ابی وقاص

بیچ جنت کے۔ اور سعید بن زید بیچ جنت کے اور ابو عبیدہ بن جراح بیچ جنت کے
اور یہ عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالی عنہم باوجود بشارت خاص کے تمام بشارتون
عام مین شریک ہین۔ بعد خلفاء چہار رضے اللہ تعالی عنہم کے چھہ صحابی
رضی اللہ تعالی عنہم کہ باقی عشرہ مبشرہ سے مرتبہ اونکا ہے۔ بعد عشرہ
مبشرہ رض کے مرتبہ اہل بدر رض کا ہے۔ یعنی جو صحابہ رضی اللہ تعالے
عنہم کہ جنگ بدر مین شریک تہے۔ بعد اہل بدر کے مرتبہ اہل احد رض کا ہے،
یعنی جو صحابہ رضے اللہ تعالی عنہم کہ جنگ اُحد مین شریک تہے۔
بعد اہل احد کے مرتبہ اہل بیعت رضوان کا ہے یعنی جو صحابہ رضی اللہ
تعالے عنہم کہ نیچے جھاڑ کے بیعت کئے تہے مرتبہ انہونکا ہے۔ جاننا کہ
عام مہاجران رضے اللہ تعالے عنہم افضل ہین عام انصار رضی اللہ
تعالے عنہم سے۔ جاننا کہ صحابہ رضے اللہ تعالے عنہم بمقتضائے آیۂ
شریفہ کے کہ رُحَمَاءُ بَیْنَھُمْ بیچ شان پاک انھون کے
نازل ہے آپس مین محبت اور رحم (رحم کرنیوالے آپسمین ۱۲) ایک دوسرے پر کرتے تہے
اور جیسا عاشق جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے
تہے ویسا ہی عاشق ایک دوسرے پر تہے اور جان اپنی نثار
کرتے تہے۔ اور جو لڑائیان کہ آپسمین ہوئے بسبب اجتہاد
ہوئے نہ واسطے ہوائے نفس کے نہ واسطے محبت جاہ کے

نہ واسطے ریاست کے نہ واسطے ملک کے نہ واسطے مال کے۔
جان کیچاہیے ان لڑائیون سے کے حق طرف حضرت علی مرتضےٰ کرم اللہ تعالیٰ
وجہہ کے تہا اور طرف دوسرون کے خطا تہی جبکہ وہ خطا خطاے
اجتہادی تہی سبب ایک درجہ ثواب کا تہا نہ موجب عذاب کا۔
اسی جاے سے مقام اور مرتبہ اُن ذاتون پاکون کا دریافت
چاہیئے کرنا کہ جنکی خطا پر اللہ تعالے ثواب عطا فرماتا تہا پس کسی نے اِس
خطا پر عتاب کیا یا زبان لعن اور طعن کو دراز کیا اُسنے اللہ تعالے سے
معارضہ کیا جسنے کہ اللہ تعالے سے معارضہ کیا وہ ایمان سے اپنے
ہاتھ دہویا۔ جان کیچاہیے ان لڑائیون کے حضرت عایشہ صدیقہ رضی اللہ
تعالے عنہا کہ محبوبہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم
کی تہین اور حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضے اللہ تعالے عنہا کہ عشرہ
مُبشرہ سے تہے وہ تہے اور حضرت معاویہ رضے اللہ تعالے عنہ کہ
سالے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے تہے اور
عادل اور فاضل تہے اور صحابہ نجباؤن اور شرفاؤن رضی اللہ
تعالی عنہم سے تہے اور کاتب وحی تہے اور صاحب اجتہاد تہے وہ،
اور کتنی لڑائیان بہ سبب اِس اجتہاد کے حضرت علی مرتضےٰ کرم اللہ
تعالی وجہہ سے کیئے اگرچہ بیچ اس اجتہاد کے خطا تہی موجب ثواب کے

تھے نہ موجب عذاب کے اور حضرت علی مرتضےٰ کرم اللہ تعالےٰ وجہہ نے
فرمائے ہین کہ بھائیان میرے اوپر میرے باغی ہوئے ہین نہ فاسق
ہین نہ کافر ہین نعوذ باللہ منہا کسینے فاسق کہا یا کافر بولا یا زبان لعن
طعن کو دراز کیا اُسنے خلاف حضرت علی مرتضےٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کا
کیا اور دل کو آپ کے آزردہ کیا۔ جان کہ جب دو بھائی آپسمین لڑتے
ہین اور غیر کی طرف رجوع کرتے ہین وہ کہتا ہے کہ تم دونون بھائی
آپس مین ایک ہو ہمارے تئین کیا کہ ہم بیچ اسکے کہین اگر ایک کو
کچھہ کہتے ہین دوسرا خفا ہوتا ہے پس صحابہ رضے اللہ تعالےٰ عنہم
آپسمین برادر حقیقی سے زیادہ تھے کسینے ایک سے بے ادبی کیا سبکو
نارضا کیا پس سلامتی بیچ اسکے ہے کہ اپنے تئین بیچ معاملہ اِن بزرگوارون
کے دخل نہ دینا اور موافق مرتبہ ہر ایک کے تمامون سے محبت کہنا
جان کہ یہ آیہ شریفہ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ بیچ شانِ مُبارک
جیب خدا صلے اللہ تعالے علیہ و آلہ وسلم کے نازل ہے اور صحابہ رضی
رضے اللہ تعالیٰ عنہم اِس خُلق عظیم سے فیض پاکر مُتخلق سات اخلاق
حمیدہ کے ہوکر صفاتِ ذمیمہ سے پاک اور مُبرّا ہین جسنے گمانِ بد
اِن پاک ذاتون مین خیال حسد اور بغض اور کینہ کا کیا بس اُسنے
تاثیر سے صحبت مبارک آن سرور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کے

اور تحقیق کہ یا محمد البتہ او عظیم سے

آنکھیں اپنی ڈہانپا اور فرمائے آپنے کہ بہتر زمانون کا زمانہ میرا ہے اُسکے بد تر زمانون کا گردانا اور صحابہ رضے اللہ تعالی عنہم کہ بہتر اور سردار خیرالامم کے ہین بد تر اس اُمت کے بلکہ بد تر تمام امتون کے کیا نعوذ باللہ من ذلک۔ جان کہ اولیا غوث قطب محبوب رحمۃ اللہ تعالی علیہم کہ ادنی صحابی رضے اللہ تعالی عنہ کے مرتبہ کو نہین پہونچتے ہین۔ صحبت سے اُنہون کے حسد اور بغض اور کینہ صاف ہو کر نفس امارہ مطمئنہ ہوتا ہے پس جسنے کہ ہمنشیان جناب حبیب رب العالمین کو نسبت حسد اور بغض اور کینہ کی لگایا اُسنے کیا بڑی جرأت کیا اور مرتبہ سے صاحب اُن صحابہ رضی اللہ تعالے عنہم کے کہ سردار انبیاؤن کے ہین صلی اللہ تعالی علی نبینا وعلیہم السلام مُنہہ پہیرا نعوذ باللہ من ذلک

فصل بیچ کیفیت یزید شدید کے۔ جان کہ یزید شدید نے کہ حضرت امام حسین رضے اللہ تعالی عنہ کو شہید کیا ایسا بُرا کیا کہ ابتدائے زمانہ سے یہانتک کسی نے نہین کیا اور انتہا تک کوئی نہین کرنیکا پس کسینے اُسے اچہا جانا وہ مذہب اہل سنت وجماعت سے خارج ہوا اور اپنے تئین یزیدیون مین داخل کیا اُسسے اور اُسکے کام کو بُرا جانکر خدا پر چہوڑنا۔ اور لعنت اُسپر نہ کرنا۔ جان کہ لعنت نہ کرنا واسطے اسبات کے نہین ہے کہ وہ بدبخت قابل لعنت کے نہین ہے بلکہ واسطے اِسکے ہے کہ مذہب اہل

سنت و جماعت مین کسی پر لعنت کرنے سے عبادت کرنا بہتر ہے
اگر لعنت بہتر ہوتی پہلے شیطان۔ اور نمرود۔ اور ہامان۔ اور شداد
اور فرعون۔ اور ابوجہل۔ اور ابولہب پر لعنت کیا کرتے پس جسکے
اللہ تعالے نے لعنت کیا ہماری لعنت کرنے سے کیا ہوتا ہے اور
جو کہ قابل لعنت کے نہین ہے جسکی لعنت اُسپر ہوتی ہے اسواسطے
لفظ لعنت سے پرہیز کرنا اور ہر کسیکو کہہ ندینا۔

فصل۔ بیچ فضیلت ازواج مُطہّرات رضی اللہ تعالی عنہنّ کے۔

ایمان لے آ اور یقین جان کہ ازواج مُطہرات یعنی بی بیان پیغمبر صلّی اللہ
تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے رضی اللہ تعالی عنہنّ تمام اُمّتون کی ان
ہین فضل سے اللہ تعالی کے ایسی سرفراز ہین کہ زمانے کی عورتون سے
ممتاز ہین۔ جان کہ بزرگی مین اور ثواب مین کوئی عورت اُنکے برابر
نہین ہے وہ تمام بی بیان گیارہ ہین اور بعضی روایت مین زیادہ ہین
کسی جاہل نے اِن مطہرات رضی اللہ تعالی عنہنّ سے بغض رکھا یا زبان
طعن کو دراز کیا بیشک اُسنے اپنے پر دروازہ لعنت کا کھولا۔ جان کہ ان
تمام بی بیان رضی اللہ تعالی عنہن مین پہلی مرتبہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالی عنہا کا ہے
اور بعد آپکے مرتبہ حضرت عایشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا کا ہے اور بعد حضرت عایشہ صدیقہ
رضی اللہ تعالی عنہا کے مرتبہ باقی بی بیان جو ازواج مطہرات سے ہین اُنہوں کا ہے رضی اللہ تعالے

عنہن۔ اور جان کہ یہ دو بی بیان حضرت حوا اور حضرت آسیہ اور حضرت مریم رضے اللہ تعالی عنہن سے فاضل ہین اور بعد ازواج مطہرات کے جو بی بیان کہ صحابیات ہین افضل ہین اوپر غیر صحابیات کے رضی اللہ تعالی عنہن۔ جان کہ اولاد اور آل رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے تئین جان سے زیادہ عزیز رکھنا اور دریاے محبت مین ڈوبے رہنا زیور ایمان اور زینت اسلام ہے۔ یقین جان کہ فضیلت کو اولاد نبی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی کوئی نہین پہنچتا ہے جیسا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے اَلفَاطِمَۃُ بِضعَۃٌ مِّنِّی یعنی فاطمہ گوشت کا ٹکڑا میرا ہے رضے اللہ تعالے عنہا اس بزرگی مین دوسرے کو دخل نہین ہے۔ اور فرمائے پیغمبر خدا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے کہ فاطمہ زہرا سردار ہین بی بیان جنت کی اور حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہما سردار ہین جوانان جنت کے جان کہ حضرت جناب غوث الثقلین رضی اللہ تعالی عنہ بیچ غنیۃ الطالبین کے حضرت عایشہ صدیقہ رضے اللہ تعالی عنہا کے تئین اوپر فاطمہ زہرا رضے اللہ تعالی عنہا کے بزرگی دیئے ہین اور اکثر علماے اہل سنت و جماعت اوپر اسبات کے ہین کہ بعضے خصلتون مین حضرت عایشہ صدیقہ رضے اللہ تعالے عنہا افضل ہین اوپر فاطمہ زہرا رضے اللہ تعالی عنہا کے

اور بعضے خصلتوں میں حضرت فاطمہ زہرا رضے اللہ تعالی عنہا افضل ہیں اوپر
عایشہ صدیقہ رضے اللہ تعالے عنہا کے۔ جان کہ اولاد مبارک حضرت
سید المرسلین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے آٹھہ ہیں چہار صاحبزادے
اور چہار صاحبزادیاں رضے اللہ تعالے عنہم ایک حضرت قاسم دوسرے
حضرت عبد اللہ تیسرے حضرت ابراہیم چوتھے حضرت طیب رضی اللہ
تعالی عنہم اور طاہر لقب حضرت عبد اللہ کا ہے۔ اور چہار صاحبزادیوں سے
ایک حضرت زینب دوسرے حضرت رقیہ۔ تیسرے حضرت ام کلثوم
چوتھے حضرت فاطمہ زہرا رضے اللہ تعالے عنہن۔ جاننا کہ حضرت ابراہیم
رضے اللہ تعالے عنہ ماریہ بنت شمعون قبطی رضی اللہ تعالے عنہا سے
تھے۔ اور باقی تمام حضرت خدیجۃ الکبرے رضے اللہ تعالی عنہا سے

فصل ۔ بیچ ترتیب بزرگی اولاد چہار یار رضے اللہ تعالے عنہم کے۔
جان کہ اوپر قول اصح کے بزرگی اولاد چہار یار رضے اللہ تعالے عنہم
کی موافق ترتیب بزرگی اُنھوں کے ہے۔ یعنی جیسا بزرگی حضرت
صدیق اکبر رضے اللہ تعالے عنہ کو اوپر باقی صحابہ رضے اللہ تعالے
عنہم کے ہے ویسا ہی اولاد آپ کی بزرگ ہیں اولاد سے تماموں
کے اور بعد اولاد حضرت صدیق اکبر رضے اللہ تعالے عنہ کے بزرگی
اولاد کو حضرت عمر بن خطاب رضے اللہ تعالے عنہ کے ہے۔ اور بعد

اولاد آپ کے بزرگی اولاد کو حضرت عثمان بن عفان رضے اللہ تعالےٰ
عنہ کے ہے اور بعد اولاد آپ کے بزرگی اولاد کو حضرت علی مرتضیٰ
کرم اللہ تعالےٰ وجہہ کے ہے جو اولاد کہ سوائے فاطمہ زہرا رضے اللہ تعالےٰ
عنہا کے تھے اسواسطے کہ اولاد حضرت فاطمہ زہرا رضے اللہ تعالیٰ
عنہا کی بزرگی اولاد پر تماموں کے ہے اور اوپر قول دوسرے کے
بزرگی علم اور تقوی پر ہے یعنی جسکا تقوی اور علم زیادہ اُسکی بزرگی زیادہ۔

فصل ۱۳ بیچ پہچاننے چچا پیغمبر خدا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے۔
جان کہ چچا پیغمبر خدا صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے بارہ تھے
اور ساتہ قول بعضوں کے دس تھے۔ اِنمیں سے حضرت امیر حمزہؓ اور
حضرت عباس رضے اللہ تعالے عنہما مشرف ایمان سے ہو کر اصحاب جلیل
الشان ہوئے۔ اور ابوطالب جو باپ حضرت علی مرتضی رضے اللہ تعالےٰ
عنہ کے تھے اور ابولہب اِن دونوں نے زمانہ اسلام کا پائے لیکن مسلمان
نہیں ہوئے باقی چھہ چچا آگے دعوت کے اوپر دین وملت اپنی کے مرے

فصل ۱۴ بیچ ایمان اور اعتقاد رُویت اللہ تعالے کے۔ ایمان لا
اور یقین جان کہ دیکھنا اللہ تعالے کے تئیں بیچ آخرت کے اِن آنکھوں سے
بے جہت اور بے مقابلہ اور بے کیف وکیفیت ہے۔ اہل سنت وجماعت
کے بیچ اِسکے اختلاف نہیں گیا انکار کرنے سے رویت کے کافر ہوتا ہے

جان کہ بیچ دنیا کے شب معراج مین ان آنکہون سے بغیر حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ وسلم کے کسی نے نہین دیکہا ہے اور کوئی نہین دیکہنے کا بس کسینے باوجود اختلاف ہونے بیچ دیکہنے حبیب رب العالمین صلّی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ وسلم کے اِس دنیا مین اِن آنکہون سے دیکہنے کا دعوےٰ کیا وہ اہل سنت وجماعت سے باہر ہوا بلکہ زندیق ہوا اور جان کہ دیکہنا اللہ تعالےٰ کا اِس دنیا مین ساتہ چشم باطن کے اوپر صفت بیچون وبیچگونگی کے جائز ہے۔ اور بیچ دیکہنے خواب کے اختلاف ہے لیکن اکثر مشایخ اوپر جواز رویت کے ہین۔ اور دیکہنا اللہ تعالےٰ کا بیچ بہشت کے اوپر مرد اور عورت کے عام ہے جیسا کہ اخص خواص کے تئین دولت رویت صبح وشام ہوگی اور بعضون کے تئین روز جمعہ مین اور تمامون کے تئین روز عیدین مین میسّر ہوگی اور بعضے علما کہتے ہین کہ دولت رویت خاص واسطے مردون کے ہے نہ واسطے عورتون کے اور بیچ رویت فرشتون کے اختلاف ہے اکثر علما فرماتے ہین کہ دیدار اللہ تعالےٰ کا فرشتون کو میسّر نہین ہونیگا اور بعضے علما کہتے ہین کہ جبرئیل علیہ السلام کے تئین ایک مرتبہ میسّر ہوگا اور جان کہ جنّات جو کافر ہین ساتہ کافرون کے

بیچ دوزخ کے ہمیشہ رہینگے۔ اور جو جن کہ مسلمان ہین موافق قول حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ تعالٰے علیہ کے سواے بہشت کے مکان دوسرے ہین رہینگے۔ اور موافق قول صاحبین رحمۃ اللہ تعالٰے علیہما کے بیچ جنت کے رہینگے۔ لیکن دیدار سے اللہ تعالٰے کے محروم رہینگے۔

فصل ۱۵ ۔ جان کہ شیعہ کہتے ہین کوئی پیغمبر علی نبینا وعلیہ السلام کافر سے پیدا نہین ہوے اور کوئی بیٹا پیغمبر کا کافر نہین ہوا۔ یہ قول غلط محض ہے اِسواسطے کہ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام فرزند آذر بت تراش کے تھے۔ اور نوح علی نبینا وعلیہ السلام کا بیٹا کافر تھا۔ اور یقین جان کہ تمام رسولان نسب پاک سے ہین کوئی کافر سے جنے گئے ہین بیچ پاکی اُنہون کے شبہہ نہین ہے واسطے جائز ہونے نکاح بیچ کفر کے۔ اور جب رسول خدا صلی اللہ تعالٰے علیہ وآلہ وسلم حج وداع کو تشریف فرما ہوے قبر والدین پر رونق افزا ہو کر دُعا اور اِلتجا جناب باری مین کئے۔ اللہ تعالٰے نے اُن برگزیدہ جہان کے تئین قبر مین زندہ کیا اور وہ دونون ذات مبارک ایمان سے مشرف ہوئے۔ یہ خاصہ والدین جناب رسول خدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم کا ہے۔

فصل ۱۶ بیچ بیان خرق عادت کے۔ جان کہ خرق عادت انبیا علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام سے ظاہر ہووے اُسے معجزہ کہتے

ہین آور اولیا سے یعنی دوستان خدا سے ظاہر ہووے اُسے
کرامت کہتے ہین آور وہ کرامت حقیقت مین معجزہ اُس نبی کا ہے کہ
وہ ولی جسکی اُمت مین ہے آور عام مسلمان مرد صالح سے ظاہر
ہووے اُسے موٗنت کہتے ہین آور کافر یا فاسق فاجر سے ظاہر
ہووے اُسے مکر اور استدراج کہتے ہین آور جو چیز کہ سحر سے یا طلسمات
سے ظاہر ہووے اُسے خرق عادت نہین کہتے ہین آور انبیا علی
نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام سے آگے نبی ہونیکے ظاہر ہووے اُسے ارہاص
کہتے ہین جو کہ معجزہ سے انکار کیا اُس سے اللہ تعالےٰ بیزار ہوا آور
جو کرامت کا انکار کیا وہ راہ صواب کو چھوڑا اور راہِ خطا اختیار کیا

فصل۔ بیچ بیان امام کے۔ جان کہ تابعداری امام اپنے کی بیچ
ہر زمانے کے اُوپر خلق اللہ کے لازم ہے۔ آمام وہ ہے کہ جو مرد مومن
اور عاقل ہووے آور بالغ ہووے آور آزاد ہووے آور ساتھ زہد
وتقوے کے معمور ہووے آور اکثر احکام شریعت پر قادر ہووے
صاحب عدل ہووے آور صاحب سیاست ہووے آور اوپر
امامت اُسکے چالیس آدمی پرہیزگار متفق ہو کر بیعت کرین آور
گردن اپنی تابعداری مین اُسکے رکھین بس وہ امام برحق ہے
اتفاقاً امام سے کوئی فسق ظاہر ہووے آور زہد مین اُسکے فتور واقع

ہووے مرتبۂ امامت سے معزول نہین ہوتا ہے جان کہ شیعہ
کہتے ہین کہ امام معصوم ہووے اور اہل زمانہ سے افضل ہووے
یہ قول غلط ہے کہ معصوم سوائے پیغمبرون علیہم السلام کے دوسرا
نہین ہے پس جس سے کہ موافق شریعت کے اہل زمانہ کے
کام نکلین وہ قابل امامت کے ہے کیا ضرور کہ اہل زمانہ سے
افضل ہووے اور شیعہ کہتے ہین کہ امام مہدی رضی اللہ تعالےٰ
عنہ واسطے خوف دشمنون کے چھپے ہوئے ہین یہ بات شان سے
امام کے دور ہے اور قول شیعون کا غلط ہے جان کہ وقت ظہور
انہون کے اللہ تعالےٰ بنی فاطمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے پیدا
کریگا اور وہ امام برحق ہین اور دشمنان دین پر غالب ہین اور
دوسرے قوم جاہل کہ جنکو غیر مہدی کہتے ہین ایک فقیر کے تئین
جونپور مین امام مہدی سمجھکر مرتبہ کو اُسکے برابر مرتبہ حضرت محمد
رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے پہنچا کر ایمان
سے اپنے ہاتھ دہوئے ہین نعوذ باللہ من ذلک الاعتقاد۔

فصل ۸ ۔ بیچ بیان ایمان کے۔ جان کہ ایمان وہ ہے کہ اللہ تعالےٰ
کی وحدانیت اور رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی رسالت
دل سے یقین جاننا اور زبان سے اقرار کرنا بعد اُسکے جو چیزین

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالے سے
خلق اللہ کو پہنچائے ہیں اور آپ فرمائے ہیں اُسے دل سے
یقین جاننا اور زبان سے اقرار کرنا بس ایمان جب یقین دل
ہوا وہ کسی چیز سے نہ زیادہ ہوتا ہے نہ کم ہوتا ہے لیکن عمل صالح
سے زیب وزینت اور خوبصورتی پیدا کرتا ہے کوئی ایمان
سے سوال کرے اور پوچھے کہ تم مسلمان ہو جواب دینا الحمد للہ
کہ ہم مسلمان ہیں یقیناً نہ آنکہ انشاء اللہ تعالے بولنا۔

فصل ۱۹ ۔ بیچ بیان اعتقاد متفرقہ کے۔ جان کہ کرامات اولیا
رحمۃ اللہ تعالے علیہم کے بیچ دنیا کے حق ہیں یعنی دوستان الٰہی
جل جلالہ سے خرق عادات ہوتے ہیں ایمان لے آ اور یقین
جان کہ اللہ تعالے دعا اپنے بندوں کی قبول کرتا ہے اور حاجتیں
اُنہون کی دنیوی اور اخروی برلاتا ہے لیکن بدلہ کافرون
کی دعا کا دنیا مین ہے نہ آخرت مین جان کہ دعا سے اور
خیرات سے اور پڑہنے سے کلام شریف کے اور درود شریف
کے بخشنے سے مُردون کو ثواب اور فائدہ پہنچتا ہے اور ارواح
اُنکے خوش ہوتے ہین اور دعا دیتے ہین اور مدد کرتے ہین
اور عنایت اللہ تعالے کی یہ ہے کہ ثواب بخشنے والے کا کم نہ

کرکر مُردے کو پہنچاتا ہے پس جنہون کو چاہے بخشے سبکو اللہ کی
ثواب برابر پہونچاتا ہے جان کہ بعضے جائے جنگل مین یا دریا مین
یا پہاڑون مین کہ دعوت اسلام نہین پہونچی ہے وہان کے لوگ
جو صاحب عقل ہین یعنی دیوانے نہین ہین اُن لوگون کو زمین
و آسمان کی دلیل سے اللہ تعالےٰ کی وحدانیت کا سوال کیے جائینگا
اور کوئی عذر آڑے نہین آئیگا اور یقین جان کہ نکاح مُتعہ حرام
ہے بیچ حرمت اسکے کچھ شبہ نہین ہے جان کہ مذہب اہل سنت
و جماعت مین نماز پیچھے ہر مسلمان کے جائز ہے نیک افعال ہو خواہ
بدافعال امام معصوم واسطے امامت کے شرط نہین ہے اور جان
کہ بندہ بالغ اور عاقل ہرچند ساتہ پرہیزگاری کے کامل ہووے
اور کسب و ریاضت سے یا بغیر اُسکے مرتبہ کمال کو پہنچے اور انتہائے
فقیری حاصل کرے یعنی ولی اور غوث اور قطب اور محبوب ہووے
تکالیف شرعی سے بیفکر نہین ہونیکا یعنی نماز روزہ حج زکوٰۃ
امر ونہی اُس سے ساقط نہین ہونے کی اور مجتہدان دین کی
اطاعت سے گردن نہین پھرنے کی امام اعظم امام شافعی امام مالک
امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم یہ چارون تمام دین کے
ہین اور مذہب انھون کے برحق ہین اور اختلاف انھونکا واسطے

مسلمانون کے رحمت ہے تقلید کرنے والون مین سے کسی نے انکار
کیا وہ مذہب اہل سنت وجماعت سے باہر ہوا جان کہ اللہ تعالےٰ
بارادہ قدرت سے بندون کو تکلیف نہین دیتا ہے اور موافق
قدرت اُنہون کے امر ونہی فرمایا ہے جان کہ کسی نے نیت کیا
کہ بعد ہفتہ یا مہینہ کے یا اور کوئی مدت مقرر کیا کہ اسلام سے پھر جاکر
یہودی یا نصاری ہو جاؤنگا پس اُسیوقت دائرہ اسلام سے باہر
ہو کر کافرون مین داخل ہوا نعوذ باللہ منہا ایمان لے آ اور یقین جان
کہ بہشت و دوزخ دونون حق ہین واسطے سزا اور جزا اہل دنیا کے
طیار کیئے گئے ہین اور فے الحال موجود ہین لیکن بیچ مکانیت اُنہونکے
اختلاف ہے بعضے کہتے ہین کہ دوزخ نیچے زمین کے ہے اور بہشت
اوپر آسمان اول کے یا اوپر آسمان چہارم کے یا اوپر آسمان ہفتم
کے نیچے عرش کے ہے اور بعضے کہتے ہین کہ دوزخ بھی آسمان پر
ہے اور بعضے کہتے ہین کہ جاے اُن دونون کی اللہ تعالیٰ کو معلوم
ہے لیکن بہر تقدیر موجود ہین اور بیچ موجودیت اُنہون کے شبہہ
نہین ہے جان کہ بعد طلاق دینے یا مرنے بیٹے کے جیسا کہ عورت
اُسکی حرام ہے ایام جاہلیت مین ویسا عورت بیٹے پالے ہوئے
کی حرام جانتے تھے اللہ تعالےٰ نے واسطے اُٹھانے اِس رسم کے

بی بی زینب کے تئین جو عورت زید کی تھی اور زید پالے ہوے فرزند
پیغمبر خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے تہے یہانتک کہ اُنکو زید بن
محمد پکارتے تہے بعد طلاق دینے زید کے نکاح اُنکا پیغمبر صلی اللہ تعالےٰ
علیہ وآلہ وسلم سے اوپر آسمان کے کیا اور جبرئیل علیہ السلام کو شاہد
رکھا جان کہ مفتریان سُست مذہب کہتے ہین کہ جب نظر رغبت پیغمبر
صلّی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی اوپر زینب کے پڑی زید سے
طلاق ہوئی اسی طور سے کہ نظر مبارک جس عورت پے پڑتی تہی اور
شوہر اُسکے حرام ہوتی تہی یہ افترا محض ہے اوپر اِسکے اعتقاد نچاہیے
کرنا اور ایمان کو ہاتہ سے نہ کھونا جان کہ جو لڑکی یا لڑکے کافرون
کے مرتے ہین بعضے علما فرماتے ہین کہ بیچ بہشت کے خدمت مین
مسلمانون کے رہین گے اور بعضے فرماتے ہین کہ ساتہ ماں اور باپ
اپنے بیچ دوزخ کے رہین گے لیکن قوت قول اوّل کو ہے یقین جان
کہ نزدیک اہل سنت وجماعت کے مسح موزیکا بیچ سفر کے تین دن
اور تین رات ہین اور بیچ حضر کے یعنی بیچ گہر کے ایک دن اور
ایک رات ہے جان کہ جسکی زندگی تمام ہوتی ہے اللہ تعالی بیماری
وغیرہ کا سرانجام کرتا ہے اور مارتا ہے اُنہین سرانجام مین ایک
قتل ہے کہ سواے موت آنے کے کوئی کسیکو قتل نہین کرتا ہے

تعظیم دونون قبلون کی کرنا ایک بیت المقدس کہ قبلہ تمام انبیائون
ما تقدم کا ہے علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام دوسرا کعبۃ اللہ
کہ قبلہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کا
ہے نماز اوپر ہر جنازے کی پڑہنا صالح نیک کردار ہو یا گنہگار
بد اطوار جان کہ ایمان درمیان مین خوف ورجا کے ہے
یعنی اللہ تعالے کے غضب سے ڈرتے رہنا رحم و کرم سے
اُسکے اُمید وار ہونا نہ آنکہ ایک طرف ہو جانا اور جان کہ خلافت
سیّد المرسلین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کی تیس برس تہی
اور وہ تیس برس حضرت امام حسن رضے اللہ تعالے عنہ کے
وقت مین تمام ہوے بعد تیس برس کے بادشاہت اور امارت
تہی جان کہ مجتہد سے بیچ امور اجتہاد اُسکے کبہی صواب ہوتا ہی
اور کبہی خطا لیکن اللہ تعالے خطا پر ایک ثواب اور صواب پر
دو ثواب بعضے کہتے ہین کہ دس ثواب عطا فرماتا ہے جانکہ کوئی
کام اللہ تعالے پر واجب ولازم نہین ہے لیکن تمام وعدہ
اور وعید اُسکے حق ہین اور ایمان مقلد کا معتبر ہے بیچ مسلمانی اُسکی
کچہہ شبہہ نہین ہے اور ایمان وقت یاس مین مقبول نہین ہے
یعنی وقت نظر آنے عذاب آخرت کے ایمان لانا قبول نہین

ہے کوئی نشہ ہین ہو کافر نکہنا اگرچہ اُس سے کلام کفر صادر ہووے
اور حقیقت ہر شی کی ثابت ہے اور یقین جیسا کہ آگ کی حقیقت گرم
ہے اور جلا دیتا ہے اور پانی کی حقیقت سرد ہے اور ڈبا دیتا ہے یہ
حقیقت نہ وہم سے کم ہوتی ہے اور نہ خیال سے نہ اعتقاد سے بدلتی
ہے جیسا کہ آگ کو سرد تصور کرنے سے سرد نہین ہوتی ہے اور
جلانا موقوف نہین کرتی ہے اسیطور سے ہر ایک چیز کی حقیقت
حق ہے جان کہ کوئی زاہد صالح متقی کے تئین یقیناً بہشتی نہ جاننا
اور کوئی گنہگار بدبخت کے تئین یقیناً دوزخی نہ کہنا واسطے مبہم
ہونے خاتمہ کے اور نہ معلوم ہونے تقدیر کے جان کہ تمام چیزین کہ
اللہ تعالی نے پیدا کیا ہے وہ تمام رزق ہے لیکن بعضون کو حلال
کیا ہے اور بعضون کو حرام کیا حلال سے راضی ہے اور حرام سے
راضی نہین ہے نہ آنکہ حلال رزق ہے اور حرام رزق نہین ہے
یقین جان کہ اللہ تعالی کی ذات اور صفات کے سوائے سب چیزین
حادث اور مخلوق ہین یعنی نئی پیدا کئے گئے ہین قدیم نہین ہین آخر
سب فنا ہووینگے نیک وہ چیز ہے جسے شرع نے نیک کہی اور بد
وہ چیز ہے جسے شرع نے بد بولی یہان رسم اور عقل کا دخل نہین ہے
اہل قبلہ کے تئین کافر نہ بولنا یعنی جو لوگ کہ منھ طرف قبلہ کے کرکے

نماز پڑہتے ہین اگر اُنسے فروع دین مین خطا واقع ہووے طلاق کفر کا نہ کرنا۔

فصل ۲۰ بیچ بیان گناہ صغیرہ اور کبیرہ کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ آدمی بسبب گناہ کبیرہ کے یا صغیرہ کے کافر نہین ہوتا ہے لیکن لایق عذاب کے ہوتا ہے پس اللہ تعالے مختار ہے توبہ کرنے سے بخشے یا بغیر توبہ کے بخشے یا موافق اُن دونون کے عذاب کرے جان کہ سواے کافرون کے اور مشرکون کے بیچ دوزخ کے کوئی ہمیشہ نہین رہنے کا اور کسی طور سے اِنکو نجات دوزخ سے نہین ہونے کی اور گنہگار مسلمان بیچ دوزخ کے موافق گنہ کے عذاب دیکہکر وہان سے نکلکر بیچ بہشت کے داخل ہوگا اور ہمیشہ بیچ اسکے رہیگا لازم ہے ہر مسلمان کو گناہ کبیرہ اور صغیرہ سے بچے اور نہایت پرہیز کرے۔ گناہ کبیرہ یہ ہین اللہ تعالی کی رحمت سے نا اُمّید ہونا اور غضب سے اُسکے بیفکر ہونا۔ عورت پرہیزگار کو تہمت زنا کی کرنا۔ جہوٹی قسم کہانا۔ اور سواے خدا کے دوسرے کی قسم کہانا۔ شہادت جہوٹی بہرنا۔ سچی شہادت چہپانا۔ کسی پر جادو کرنا۔ یا جادو کروانا۔ یتیم کا مال کہانا۔ سود کہانا۔ سود دی پیسہ

لینا۔ شراب پینا۔ تمام نشہ کی چیزین کرنا۔ چوری کرنا۔ خون ناحق کرنا۔ پرائی عورت سے زنا کرنا۔ لڑکے سے برا کام کرنا۔ لڑائی سے کافرون کی بھاگنا اگرچہ مسلمانون سے دو چند ہووین۔ مان باپ کو ایذا دینا۔ بیچ حرم مکہ کے جو چیزان کہ منع ہین کرنا۔ گوشت سور کا کھانا۔ جھوٹ بولنا۔ روزے ماہ رمضان کے بغیر عذر شرعی کے کھانا۔ نماز نہ کرنا۔ نماز بیوقت پڑھنا۔ زکوٰۃ مال کی ندینا۔ بھائی بہن اور جو اہل قرابت ہین اپنے بغیر عذر شرعی کے قرابت ترک کرنا۔ مسلمانون سے ناحق جنگ کرنا۔ صحابہ اور اہل بیت رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین کی شان مین بد بولنا۔ رشوت کھانا۔ چغلی نزدیک بادشاہ اور امیر کے کھانا۔ باوجود قدرت کے امر معروف نہی منکر نہ کرنا۔ جاندار کو آگ مین جلانا۔ عورت بیفرمانی مرد کی کرنا مرد اوپر عورت کے ظلم کرنا۔ بیچ ماپ کے اور تول کے کمی کرنا درمیان مین مرد اور عورت کے جدائی اور لڑائی ڈالنا۔ علماء دین کی اہانت کرنا کسی پر ظلم کرنا۔ کسیکو پیچھے بدی سے یاد کرنا۔ کسی کے حق مین گمان بد کرنا۔ آپنے تئین غیرون سے اچھا جاننا۔ کسی سے وعدہ کرکے وفا نہ کرنا۔ غیر عورت کو

نظرِ بد سے دیکھنا۔ امانت میں خیانت کرنا۔ قصداً خدائتعالے کا
فرض ترک کرنا۔ قرآن شریف پڑھکے بھول جانا۔ بتون کے نام کا
کھانا کھانا۔ تہوار میں کافرون کے اور جترا میں بتون کے جانا
سواے خدائتعالے کے دوسرے کو سجدہ کرنا۔ قرآن شریف کی
مجلس میں دوسرے کام میں مشغول ہونا۔ جماعت ہمیشہ ترک
کرنا۔ مسلمانون کو کافر کہنا۔ گلہ کسی کا سُننا۔ ظالمون کی خوشامد
کرنا۔ قضیہ ناحق پر فیصلہ کرنا۔ مول چکا کر زبردستی کم دینا۔ جورو
باندی سے حیض و نفاس کی حالت میں صحبت کرنا۔ اناج کی گرانی
سے خوش ہونا۔ نامحرم عورت کے پاس اکیلے بیٹھنا۔ جانورون
سے جماع کرنا۔ رسم کافرون کی پسند کرنا۔ نجومی اور برہمن کی
باتون کو سچا جاننا۔ دعوے اپنی عبادت یا تقوے کا کرنا۔ مردے
پر پیٹنا پکار کے رونا۔ کھانے کو برا کہنا۔ ناچ دیکھنا۔ راگ باجون
سے سُننا۔ عبادت لوگون کے بتانے کو کرنا۔ بے اجازت گھر مین
کسی کے چلے جانا۔ کسیکو مسخرگی سے بیحرمت کرنا۔ شطرنج اور چوسر
اور جوا کھیلنا۔ دو طرف سے شرط باندھنا۔ سیندھی شراب بیچنے والا
اور ناچنے گانے والا۔ سود کھانے والا۔ کہ سواے اسکے دوسرا حیلہ
نہین کرتا ہے۔ اسکے گھر کا کھانا کھانا۔ سواے اسکے گناہ کبیرہ

بہت ہین۔ اللہ تعالے سب سے مسلمانون کو بچاوے اور حفاظت مین اپنے رکھے۔ جان کہ سوائے گناہ کبیرہ کے گناہ صغیرہ بے شمار ہین۔ یعنی کبیرہ سے چھوٹے۔ اور جو گناہ صغیرہ ہمیشہ کرے وہ کبیرہ ہوتا ہے۔

فصل ۲۱۔ بیچ بیان افعال و اقوال کے کہ آدمی اُس سے کافر ہوتا ہے یقین جان کہ بندہ مسلمان بعضے کامون سے اور باتون سے کافر ہوتا ہے اور مسلمانی سے باہر ہوتا ہے۔ اللہ تعالے تمام مسلمانون کو انہون سے بچاوے اور حفاظت مین اپنے رکھے اللہ تعالے کا شریک کرنا۔ پیغمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اہانت کرنا یہانتک کہ چادر مبارک کو آپ کے اہانت سے میلی بولنا۔ موے مبارک کو اہانت سے بال کہنا یا کوئی ایک پیغمبر علی نبینا وعلیہ السلام سے پھر جانا۔ فرشتون سے اللہ تعالے کے عداوت رکھنا۔ کتابون سے اللہ تعالے کے منکر ہونا۔ دن قیامت کے تئین باور نا جاننا اور سوائے اسکے جو باتین کہ پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ایمان کی پہنچی ہین انکو یقین نا جاننا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نا امید ہونا اور اسکے خوف سے بیفکر ہونا۔ کلمۂ کفر اعتقاد یا غیر اعتقاد سے بولنا۔ کاہن کی باتون کو جو غیب کی بات بولتے ہین

انکو یقین جاننا۔ گناہ صغیرہ ہو یا کبیرہ ہو اُسکے تئیں ہلکا جاننا۔ جو چیزین کہ لایق اللہ تعالےٰ کو نہین ہین اُن چیزون سے تعریف کرنا۔ اور اللہ تعالےٰ کے نام کی مسخرگی کرنا۔ یا امر و نہی کو اُسکے مسخرگی کرنا۔ وعدہ اور وعید سے اللہ تعالےٰ کے منکر ہونا۔ نجومی کی باتون کو یقین جاننا۔ اور غیب کی باتین کرنا۔ کہ علم غیب سوا اللہ تعالےٰ کے دوسرے کو نہین ہے۔ لیکن اللہ تعالےٰ اپنی عنایت سے نبیؐ کو وحی سے۔ اور ولی کو الہام سے علم غیب عنایت فرماتا ہے۔ سواے اِنکے دوسرے کو لازم نہین ہے کہ باتین غیب کی بولے۔ اور شرع نے جسے حلال کہے اُسے حرام جاننا۔ اور جسے حرام بولی اُسے حلال جاننا۔ اور کسی حرام چیز کی آرزو کرنا کہ کاشکے حلال ہوتی۔ یا حلال چیز کی آرزو کرنا کہ کاشکے حرام ہوتی۔ یا کسی سے کفر ثابت ہوا اوپر اُسکے خندہ کرنا یا کسیکو ساتھ کفر کہنے کے رضا دینا۔ اور نماز بغیر طہارت کے پڑھنا۔ یا قصداً قبلہ سے منھہ پھیر کر نماز پڑھنا۔ یا حرام کام کو بسم اللہ سے شروع کرنا یا شریعت کی مسخرگی یا اہانت کرنا۔ جان کہ سواے اِسکے کفر کی باتین بہت ہین کہ بیچ اِس مختصر کے گنجایش نہین ہے۔ اللہ تعالےٰ ان سب سے تصدق سے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ

علیہ وآلہ وسلم کے محفوظ رکھے۔

فصل ۲۲ بیچ بیان کراماً کاتبین کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ کراماً کاتبین دو فرشتے ہین کہ نیکی اور بدی آدمی کی لکھتے ہین۔ نیکی سیدہی طرف کا فرشتہ لکھتا ہے اور بدی باٸین طرف کا فرشتہ لکھتا ہے۔ اور بعضے علما فرماتے ہین کہ دو فرشتے صبح سے شام تک لکھتے ہین اور چلے جاتے ہین۔ اور دوسرے دو شام سے صبح تک لکھتے ہین اور چلے جاتے ہین۔

فصل ۲۳ بیچ بیان ایمان اور اعتقاد مرنے کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ اللہ تعالٰے نے جسے پیدا کیا ہے اور روح بدن مین اُسکے ہونکا ہے آدمی ہو یا فرشتہ ہو یا جن ہو یا وحش ہو یا طیور ہو سب کو مرنا ہے اور اِس دنیا سے جانا ہے اور یقین جان کہ بعد مرنے کے قبر مین زندہ ہونا ہے بیچ اُسکے سوال و جواب ہے اور ثواب وعذاب ہے یعنی دو فرشتے ایک کا نام منکر دوسرےکا نام نکیر۔ سیاہ رنگ ازرق چشم۔ سانہ صورت وحشت ناک کے بیچ قبر کے آوینگے اور تین سوال کرینگے۔ ایک مَنْ رَّبُّكَ یعنی کونسا ہے رب تیرا۔ دوسرا مَنْ نَّبِیُّكَ یعنی کونسا ہے نبی تیرا۔ تیسرا مَا دِیْنُكَ یعنی کونسا ہے

دین تیرا پس جو ایمان سے مرا ہے فضل سے اللہ تعالے کے جواب دیگا کہ رب میرا اللہ تعالے ہے اور نبی میرے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وصحبہ وسلم ہین اور دین میرا اسلام ہے۔ بعد اُس جواب باصواب کے وہ فرشتے کہینگے کہ تو مانند دلہن کے خوش اور خرّم سو رہو۔ قبر اُسکی کشادہ ہو ویگی۔ ایک دریچہ بہشت سے کہلیگا۔ اور جو بے ایمان مرا ہے اُس سے جواب نہین بن پڑیگا پس قبر اُسکی تنگی کریگی یہانتک کہ پہلیان اُسکی ادہر سے اُدہر نکلین گی اور گرز آتشین سے مارینگے دریچہ ایک دوزخ سے کہلیگا پس قیامت تک اسیطور سے عذاب رہیگا۔ جان کہ جو گنہگار مومن کہ بیچ دن جمعہ کے یا رات جمعہ کے دفن ہو ویگا قیامت تک اُسی عذاب قبر نہین ہونیکا۔ جان کہ سؤال وجواب ثواب وعذاب منحصر قبر مین نہین ہے۔ کسیکو شیر کہا وے۔ یا جلجا وے۔ یا ڈوب جاوے قدرت سے اللہ تعالے کے سب جاے سوال وجواب ثواب وعذاب ہے

فصل ۲۴ بیچ بیان نشانیان قیامت کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ دن قیامت کا آنیوالا ہے۔ یعنی جو ذی روح کہ دنیا مین مرے ہین اُسدن سب زندہ ہو وینگے اور اپنے اپنے جسم سے اُٹھینگے کسی نے قیامت سے انکار کیا وہ کافر ہوا۔ اور جو نشانیان قیامت کی

کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم نے فرمائے ہین وہ تمام حق ہین کہ اُسمین بال برابر شبہہ نہین ہے۔ ایک نشانی پیدا ہونا امام مہدی رضے اللہ تعالے عنہ کا ہے اور وہ امام اولاد سے سیدۃ النسا فاطمۃ الزہرا رضے اللہ تعالے عنہا کے ہوونگے اور نام آپکا محمدؐ اور نام باپ کا عبداللہ ہوویگا۔ بلند بینی کشادہ پیشانی۔ ہوونگے ابر سر پر سایہ کریگا فرشتہ ابر مین سے پکاریگا۔ یہ مہدی ولی اللہ ہین۔ امام آخر الزمان ہین۔ اطاعت اُنہون کی کرو۔ جہان کو ظلم سے پاک کرینگے۔ بچھونا عدل و انصاف کا بچھا دینگے۔ مسلمانون کو نعمت ظاہری اور باطنی سے سرفراز فرمادین گے۔ اور باغ دین کو تروتازہ کرینگے۔ دوسری نشانی قیامت کی ظاہر ہونا دجال کا ہے اور وہ دجال بنی آدم سے ہے جزیرہ دریا مین قید ہے اور کافرون سے ہے۔ یہانتک کہ دعوے خدائیکا کریگا۔ پیشانی مین اُسکے۔ کاف۔ فے۔ رے۔ لکھا ہوگا ایک آنکھ مین انگور کے مانند اونچا ہوگا۔ دوسری آنکھ سے دیکھیگا۔ واسطے آزمایش خلق اللہ کے اللہ تعالے اُسکے تئین استدراج دیگا۔ یعنی قدرت بڑی عنایت فرماویگا۔ بسبب اُس قدرت کے خلق اللہ کو گمراہ کریگا۔ آگے نکلنے اُسکے تین برس کی

نشانی قیامت کی [1]

نشانی قیامت کی [2]

بارش کی ہو گی۔ قحط پڑیگا۔ جب باہر آویگا کہیگا۔ کہ مین خدا ہون۔
پس جو شہر والے یا گانون والے اقرار اُس کمبخت کی خدائیگا کرینگے
اور خدائے بیچون سے پھرینگے۔ اُس شہر پر اور گانون پر کہیگا۔ کہ
پانی برسو۔ پانی برسیگا۔ زمین کو کہیگا کہ نعمتان اپنے باہر لا۔ زمین
طرح طرح کے میوے باہر لائیگی۔ گائے بکریان کو کہیگا کہ دُودہ
زیادہ دیو وہ دودہ زیادہ دیوینگے۔ اور جو شہر والے یا گانون
والے کہین گے کہ تو دجال ہے کہ نبی ہمارے محمد صلی اللہ تعالےٰ
علیہ وآلہ وسلم نے تیرے سے خبر فرمائے تہے تو وہی شیطان ہے
ہمارا اللہ وحدہ لا شریک ہے۔ اور نبی ہمارے حضرت محمد
رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم ہین۔ پس اُس شہر پر
اور گانون پر کہ جسمین دوستان آلٰہی ہوونیگے کہیگا پانی نہ برسے
پانی نہ برسیگا۔ قحط زیادہ ہوگا۔ وہان کی زمین کو کہیگا کہ نعمتین اپنی
باہر مت لا زمین میوے نہین دینے کی۔ اور گائے بہینس کو کہیگا
کہ دُودہ مت دیو۔ دُودہ نہین دینے کے۔ چند روز کی تکلیف
اُنہو نیر ہووے گی آخرت مین جزا اُسکی بہت سی ملیگی۔ اور کہیگا
کہ تمہارے مان اور باپ جو مر گئے ہین زندہ ہو کر میری خدائیگا اقرار
کرین۔ جب تم یقین کروگے۔ بس اُسیوقت شیاطین ساتہ صورت

مان اور باپ اُن لوگون کے ظاہر ہوکر اُسکی خدائیکا اقرار کرینگے
بعضے نادان اِس بات سے دام مین اُسکے آوینگے۔ اور بعضے
ایماندارون کا ایمان قوی ہوگا۔ ایک طرف اُسکے باغ اور پانی
ہوگا۔ اُسے بہشت کہیگا۔ وہ حقیقت مین دوزخ ہے۔ دوسری
طرف آگ ہوگی اُسے دوزخ کہیگا وہ حقیقت مین بہشت ہے
جسنے اُسکی خدائیکا اقرار کیا اُسے اپنی بہشت مین ڈالیگا۔
اور جسنے انکار کیا اُسے اپنی دوزخ مین ڈالیگا۔ اِسیطور سے
تمام جہان چالیس روز مین۔ روایت دوسری مین چالیس
برس مین خراب کریگا۔ لیکن مدینۂ منوّرہ اور کعبۃ اللہ مین
دخل اُسکا نہین ہونیگا۔ اللہ تعالےٰ شر سے اُسکے مسلمانون
کو بچاوے۔ اور حفاظت مین اپنے رکھے۔ تیسری نشانی قیامت
کی اُترنا حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام کا ہے۔ یعنی
بیچ وقت فتنۂ دجّال کے کہ حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ
عنہ مسلمانون کو واسطے مقابلہ اُسکے تیار کرینگے۔ اور مسلمان
مقابلہ سے اُسکے ہراسان ہووینگے۔ اُسی عرصہ مین حضرت
عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام آسمان سے اُترینگے۔ وقت نماز
عصر کا ہوگا۔ پس حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام واسطے تعظیم

نشانی قیامت کی ۳

امتِ محمدؐ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے ایک نماز پیچھے
حضرت امام مہدی رضے اللہ تعالے عنہ کے پڑہینگے اور باقی
نمازان آپ پڑہاوین گے اور مانند مجتہدون کے اوپر شریعت
محمدؐ ہی صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے چلین گے اور خلق
اللہ کے تئین اوپر اسیکے بلاوینگے اور داخل ہونے سے امت
مین رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے فخر اپنا کرینگے
امام کے تئین اور مسلمانون کے تئین اترنے سے آپ کے بڑا
سرور اور بڑی قوت ہوگی۔ بعد نماز کے نیزہ لیکر واسطے
مقابلہ دجال کے متوجہ ہووینگے۔ جس کافر کو کہ بو آپ کے دم
کی پہنچیگی اسیوقت مرجاویگا۔ اور بو دم کی نظر جہانتک پہنچتی ہے
وہان تک پہنچیگی۔ دجال خوف سے آپ کے لرزان اور ترسان
بہاگیگا۔ اور آپ پیچہا اسکا کرینگے یہانتک کہ نزدیک دروازے
دور انکے کوہ زیتون ہے۔ وہان نیزے سے مارینگے۔ اور وہ
نیزہ خون بہرا ہوا مسلمانون کو بتاوینگے۔ بعد ازان جو مسلمان
کہ ظلم سے اسکے تکلیف پائے تہے انکو نہایت سرفراز فرماوینگے
اور تسلی بخشین گے۔ چوتھی نشانی قیامت کی آنا یاجوج اور ماجوج
کا ہے۔ یعنی حضرت عیسی علی نبینا وعلیہ السلام کے تئین اللہ تعالے

نشانی ۴

حکم فرماویگا کہ تم ساتھ مسلمانون کے کوہ طور مین پوشیدہ ہو کہ ہم
ایک گروہ کو باہر لاتے ہین۔ کسی کے تئین طاقت مقابلہ اُنکی نہین
ہے۔ اُسیوقت حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام ساتھ مسلمانون
کے کوہ طور مین پوشیدہ ہو وینگے۔ پس سدّ سکندری ٹکڑے ٹکڑے
ہوگا۔ وہان سے یاجوج اور ماجوج باہر آوینگے۔ وہ بنی آدم ہین
اور کافر ہین۔ قد یاجوج کا ایک بالشت۔ اور ماجوج کا ساٹھہ گز کا
اونچا ہوگا۔ تمام جہان خراب کرین گے۔ یہانتک کہ جو چیز سامنے
آویگی۔ آدمی۔ بیل۔ گدہا۔ گھوڑا۔ چرند۔ پرند۔ جہاڑ۔ پہاڑ۔ سب
کہا جاوینگے۔ پانی دریا کا پی جاوینگے۔ خلق اللہ کو مارینگے۔ اور
عمارتان گراوینگے۔ یہانتک کہ بیت المقدس تک پہونچین گے
آپس مین کہین گے کہ اہل زمین کو مارے اب اہل آسمان کو مارینگے
پس تیران طرف آسمان کے روانہ کرینگے۔ اُن تیرون کو اللہ تعالے
خون آلودہ کریگا۔ بہت خوش ہووینگے کہ اہل آسمان کو مارے
حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام اور مسلمان کہانے پینے سے عاجز
ہو کر دعا کرینگے۔ اللہ تعالے ایک پہوڑا گردن مین اُنہون کے
نکالیگا تمامون کے تئین دفعۃً ماریگا حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام
کوہ طور سے نیچے آوینگے۔ ایک بالشت زمین گندگی سے اُنہونکے

خالی نہین رہنے کی کہ مسلمان کہڑے رہین۔ پہر دعا کرینگے۔ جانور بڑے بڑے اللہ تعالے بہیجوا آئیگا ایک ایک کو پکڑ کر دریا کے کنارے آفتاب نکلنے کی جاے پر ڈالین گے۔ بعدہٗ پانی بہت برسیگا۔ زمین پاک ہوگی خلق اللہ جہان کی پانچ برس تک تیر و کمان اُنکے جلاوینگے۔ بعد اسکے حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام بیاہ کر کے رہینگے۔ خلق اللہ کو دین محمدی صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم پر بلاوینگے۔ عدل اور انصاف بیشمار فرماوینگے۔ دنیا مین برکت زیادہ ہوگی زمین نعمتان اپنی باہر لاویگی۔ سواے دین محمدی صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے کوئی ملت نہین رہنے کی تمام مسلمان اور خلق اللہ جہان کے خوش و خرم اور بآرام رہین گے بعد سات برس کے بعضی روایت مین بعد چالیس برس کے حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام انتقال فرماوینگے اور روضۂ نبی صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم مین دفن ہووینگے۔ پانچوین نشانی قیامت کی نکلنا دابۃ الارض کا ہے۔ وہ دابۃ الارض جانور ہے۔ چہرہ اُسکا مانند چہرۂ آدمی کے ہوگا۔ اور دو بازو پر دو پر ہووینگے۔ سر مانند سر مچہلی کے اور کان مانند کان ہاتہی کے۔ اور سینہ گردن مانند گردن اونٹ کے۔ دُم مانند دُم بکری کے۔ رنگ مانند رنگ چیتے کے

نشان ۵

ہوگا۔ قد ساٹھ گز اونچا ہوگا۔ اور ایک روایت مین آسمان تک پہنچیگا
جان کہ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام بیچ طواف کعبہ کر ڈھونڈیگر
زمین نیچے پانون کے ہلے گی صحن مسجد حرام کا ٹکڑے ٹکڑے ہوگا
دآبۃ الارض قریب رکن کے نکلنا شروع کریگا۔ تین دن تک
نکلتے رہیگا۔ جب باہر آویگا زبان عربی فصیح باتین کہیگا۔ چار طرف
منھ پھراکر کہیگا۔ تمام دین باطل ہین مگر دین اسلام۔ آسمان تک
آواز اُسکا پہنچیگا عصا حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام کا۔ اور انگوٹھی
حضرت سلیمان علی نبینا وعلیہ السلام کی نزدیک اُسکے ہوگی جسکی
پیشانی پر کہ عصا اور مہر رکھیگا بیچ پیشانی مسلمان کے نقطہ سفید ظاہر
ہوگا۔ منھ اُسکا مانند ستارے کے روشن ہوگا۔ اور نقش انگوٹھی کا اُٹھیگا
اِنَّہٗ مُؤْمِنٌ یعنی تحقیق وہ مسلمان ہے۔ بیچ پیشانی کافر کے
کالا نقطہ پیدا ہوگا۔ منھ اُسکا مانند دیگ کے کالا ہوگا نقش انگوٹھی
کا اُٹھیگا۔ اِنَّہٗ کَافِرٌ یعنی تحقیق وہ کافر ہے۔ بعد اُسکے مسلمان
کو کہیگا اَنْتَ مُؤْمِنٌ مِّنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ یعنی تو مسلمان ہے
اہل جنت سے۔ اور کافر کو کہیگا اَنْتَ کَافِرٌ مِّنْ اَھْلِ النَّارِ
یعنی تو کافر ہے اہل دوزخ سے۔ چھٹی نشانی قیامت کی نکلنا آفتاب
کا ہے مغرب سے وہ رات بڑی دراز ہوگی۔ صبح کو آفتاب ردکا پلٹتا

نشانی قیامت کی ۶

ہوا مغرب سے نکلکر یا وٓ آسمان تک پہنچیگا۔ بعد اُسکے اُسیطرف ڈوبیگا پہر موافق معمول کے مشرق سے نکلا کریگا۔ جان کہ دروازہ توبہ کا اُسدن سے بند ہوگا یعنی توبہ کافرون کی کفر سے۔ اور منافقون کی نفاق سے قبول نہین ہونے کی۔ اور توبہ مسلمانون کی گناہون سے قبول ہوگی۔ اُسدن آدہے آدمی اور آدہے جن پری ہول سے مرجیگے ساتوین نشانی قیامت کی۔ پیدا ہونا دُہونیکا ہے وہ مشرق سے مغرب تک بہرجائیگا۔ مسلمانون کو اُس سے زکام پیدا ہوگا۔ اور کافرون کو حالت نشہ ظاہر ہوگی۔ کافرون کی ناک سے اور کانون سے اور پیچہے سے نکلیگا۔ آٹہوین نشانی قیامت کی نکلنا آگ کا ہے۔ وہ مشرق سے یا عدن سے نکلکر مغرب تک چلی جاویگی۔ نوین نشانی قیامت کی خسف ایک بیچ مغرب کے ہے یعنی طرف مغرب کے ایک ٹکڑا زمین کا غارت ہوگا۔ دسوین نشانی قیامت کی خسف ایک بیچ مشرق کے ہے یعنی طرف مشرق کے ایک ٹکڑا زمین کا غارت ہوگا گیارہوین نشانی قیامت کی خسف ایک بیچ جزیرہ عرب کے ہے۔ یعنی بیچ ملک عرب کے ایک ٹکڑا زمین کا غارت ہوگا۔

فصل ۵ بیچ بیان دن قیامت کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ بعد ظاہر ہونے یہ نشانیون کے۔ اور بعد وفات حضرت عیسیٰ علی

نبینا وعلیہ السلام کے ہوا مشک سے زیادہ خوشبو　طرف یمن
کے چلیگی ۔ تمام مسلمان نہایت فرحت اور خوشبوئی سے جان دینگے
بدترین آدمی کافران اور فاسقان رہینگے مانند حیوانون کے رستے
بازارمین جفتی کرینگے اور گناہون مین نہایت ڈوبین گے یہانتک
کہ کوئی نام اللہ تعالے کا نہین لینے کا ۔ اُسوقت اللہ تعالی حضرت
اسرافیل علی نبینا وعلیہ السلام کو حکم صُور پھوکنے کا فرماویگا ۔ بمجرد صور
پھوکنے کے دِن قیامت کا قایم ہوگا ۔ تمام مخلوق جہان کے مرینگے
جہاڑ پہاڑ اور مکانات مانند روئی کے اُڑین گے آسمان ٹکڑے ٹکڑے
ہووینگے ۔ زمین خراب ہوگی ۔ آفتاب اور ماہتاب اور تارے
کالے ہوکر گرینگے بہشت دوزخ لوح وقلم اور کرسی اور فرشتے فنا
ہووینگے ۔ اُس صور سے کوئی جاندار باقی نہین رہنے کا مگر اللہ تعالے
جسے چاہے وہ نہین مریگا ۔ چالیس برس تک فنا رہین گے اللہ تعالی
فرماویگا لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ یعنی واسطے کسکے ہے ملک آج کے
دِن پھر آپ ہی فرماویگا لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ یعنی واسطے اللہ
تعالےٰ کے ہے ایسا اللہ کہ واحد ہے اور قہار ہے ۔

فصل ۔ بیچ بیان اُٹھنے خلق اللہ کے بیچ دن قیامت کے
جان کہ اللہ جلّ جلالہٗ بہشت ۔ اور دوزخ ۔ عرش وکرسی لوح اور قلم

آسمان زمین ۔ جبرئیل ۔ میکائیل ۔ اسرافیل ۔ عزرائیل علیہم السلام
اور حاملانِ عرش اِن تمامون کے تیئن بمجرد فنا کرنے کے پیدا کریگا
بعد چالیس برس کے اسرافیل علی نبینا و علیہ السلام کے تئین حکم دوسرا
صور پھونکنے کا فرماویگا ۔ تمام قالب تیار ہو وینگے ۔ پھر اسرافیل
علی نبینا و علیہ السلام دوسرا صور پھونکینگے ۔ اَرواحین صور سے
نکل کر اپنے اپنے قالب مین داخل ہو وینگے ۔ تمام قالب زندہ
ہوکر اُٹھ کھڑے رہین گے ۔ جان کہ کسی کو شیر کہاوے یا کوئی
جلجاوے یا کوئی ڈوب جاوے یا کوئی اعضا کٹ کر بدن سے
گرجاوے قدرت سے اللہ تعالےٰ کے تمام تیار ہو کر انسان اور
جنات تمام مخلوقات کہ پیدا ہوئے تہے آپنے اپنے جسم سے
اُسدن اُٹھین گے اور میدانِ حشر مین حاضر ہو وینگے ۔ بعد اُسکے
پھرنا نہین ہے جان کہ سواے آدمی اور جنات کے تمام چرندے
اور پرندے کہ ایک دوسرے پر ظلم کئے ہین بدلا اُسکا اللہ تعالےٰ
دِلوا کر سب کو معدوم اور ناچیز کریگا مگر وہ جانور کہ ذبح ہوئے ہین
اُنکے تئین مٹی جنت کی بناویگا ۔ اور آفتاب سوا نیزے پر آئیگا
زمین تانبے کی ہوگی ایسی برابر کہ انڈا مرغی کا مشرق مین رہین
مغرب سے دکھے گا ۔ تمام آدمی موافق اعمال اپنے کوئی شخص ٹک

آسمان زمین ـ جبرئیل ـ میکائیل ـ اسرافیل ـ عزرائیل علیہم السلام
اور حاملان عرش اِن تمامون کے تئین بمجرد فنا کرنے کے پیدا کریگا
بعد چالیس برس کے اسرافیل علی نبینا وعلیہ السلام کے تئین حکم دوسرا
صور پہونکنے کا فرماویگا ـ تمام قالب تیار ہو وینگے ـ پہر اسرافیل
علی نبینا وعلیہ السلام دوسرا صور پہونکین گے ـ اروا حین صور سے
نکل کر اپنے اپنے قالب مین داخل ہو وینگے ـ تمام قالب زندہ
ہو کر اُٹھ کہڑے رہین گے ـ جان کہ کسی کو شیر کہاوے یا کوئی
جلجاوے یا کوئی ڈوب جاوے یا کوئی اعضا کٹ کر بدن سے
گر جاوے قدرت سے اللہ تعالےٰ کے تمام تیار ہو کر انسان اور
جنات تمام مخلوقات کہ پیدا ہوئے تہے آپنے اپنے جسم سے
اُسدن اُٹہین گے اور میدانِ حشر مین حاضر ہو وینگے ـ بعد اُسکے
پہرنا نہین ہے جان کہ سوائے آدمی اور جنات کے تمام چرندے
اور پرندے کہ ایک دوسرے پر ظلم کیئے ہین بدلا اُسکا اللہ تعالےٰ
دلواکر سب کو معدوم اور ناچیز کریگا مگر وہ جانور کہ ذبح ہوے ہین
اُنکے تئین مٹی جنت کی بناویگا ـ اور آفتاب سوا نیزے پر آئیگا
زمین تانبے کی ہوگی ایسی برابر کہ انڈا مرغی کا مشرق مین رہین
مغرب سے دِکہے گا ـ تمام آدمی موافق اعمال اپنے کوئی ٹخنو تک

آور کوئی جاے مصیبت کی۔ اور محنت کی۔ آور عذاب کی نہین
ہے کہ بغیر شفاعت حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ
وسلم کے نجات ہووے سب جاے شفاعت آپ کی درکار
ہے۔ پس دن قیامت کے تمام آدمی کھڑے رہنے سے عرصات
کے اور گرمی سے آفتاب کے نہایت حیران اور پریشان ہوکر
واسطے شفاعت کے طرف آدم علی نبینا وعلیہ السلام کے جاوینگے
اور ساتہ عاجزی کے عرض کرینگے کہ اللہ تعالے نے آپ کو اپنے
ید قدرت سے بنایا ہے۔ باپ ہمارا کیا ہے خلیفہ اپنا گردانا ہے
اور تمام ملایک سے سجدہ کروایا ہے۔ آپ جناب باری مین
عرض کرکر اس مصیبت سے نجات دلواؤ۔ حضرت آدم علی نبینا
وعلیہ السلام فرماوینگے اللہ تعالی آج بڑے جلال مین اور غضب
مین ہے کبھی نہ ہوا تہا نہ آگے ہوگا۔ مین نہایت شرمندہ ہون
میرے تیئن گیہون کہانے سے منع فرمایا تہا۔ اور مین نے
اُسکے تیئن کہایا۔ یہ کام بڑا میرے سے نہین ہونیکا۔ تم طرف
نوح علی نبینا وعلیہ السلام کے جاؤ۔ تمام خلق اللہ حضرت نوح
علی نبینا وعلیہ السلام کے پاس آوینگے اور عرض کرینگے آپ نبی اللہ
ہو ہمارے تیئن اس عذاب سے خلاصی دلواؤ۔ آپ فرماوینگے

یہ کام عظیم الشان میرے سے نہیں ہونیکا میں وقت طوفان کے واسطے بیٹے اپنے کے دعا کیا میرا بیٹا کافر تھا۔ وہ دُعا خلاف مرضی اللہ جل جلالہ کے تھی۔ تم طرف ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام کے جاؤ پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آوینگے اور عرض کرینگے آپ کے تئیں اللہ تعالےٰ نے دوست اپنا بنایا ہے۔ آپ جناب باری میں ہماری شفاعت کرو۔ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام فرماوینگے میرے سے دنیا میں تین کام ہوئے کہ میں اُس سے شرمندہ ہوں۔ اول یہ کام کہ تمام کافران واسطے جترا کے باہر شہر کے چلے۔ میرے تئیں ساتھ اپنے بلائے۔ مینے بیماری کا عذر کیا۔ حقیقت میں بیمار نہیں تھا۔ اور دوسرا کام یہ کہ جب وہ چلے گئے میں تبخانہ میں جا کر کلہاڑی سے تمام بتوں کی ناک کان توڑ کر کلہاڑی بڑے بت کے کاندہے پر رکہا۔ جب باہر سے آئے بتوں کو دیکھکر غمگین ہوئے۔ آپسمیں کہے کہ یہ کام ابراہیم کا ہے کہ وہ اُنہوں کی تعظیم نہیں کرتے تھے۔ اور گالیاں دیتے تھے۔ بس وہاں سے میرے گہر کو آئے۔ کہے کہ تمنے ہمارے خداؤں کو توڑے ہیں مین جواب دیا کہ یہ کام بڑا اِنہوں کا کیا۔ دیکھو کلہاڑی اُس کے کاندہے پر ہے۔ حقیقۃً توڑا مین تھا اور بڑا تماموں کا مین تھا

ظاہراً اُسکا نام لیا۔ تیسرا کام یہ ہے کہ ایک بادشاہ ستمگر عورتونکو ظلم سے پکڑتا تہا۔ بی بی سارا جو عورت میری تہی چچیری بہن میری تہی۔ جب لوگ اُس ظالم کے پکڑنے آئے کہا مین کہ یہ بہن میری ہے۔ مین اِن تینون کامون سے نہایت شرمندہ ہون۔ کام شفاعت کا موسیٰ سے ہوگا۔ سب نزدیک موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام کے آوینگے اور عرض کرینگے آپ کلیم اللہ ہو۔ اور رسول اُولوالعزم ہو۔ ہماری شفاعت کرو۔ اس مصیبت سے خلاصی بخشواؤ۔ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام فرماوینگے۔ کہ مینے ایک قبطی کو مُکّی مارا وہ اُس مُکی سے مرگیا۔ ایسے جلال مین اللہ تعالے ہے۔ کہ کبہی نہین ہوا تہا۔ اور کبہی نہین ہونے کا مجہے اسوقت کلام کرنے کی طاقت نہین ہے۔ تم طرف عیسیٰ علیہ السلام کے جاؤ۔ اور حاجت اپنی عرض کرو۔ وہان سے حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام کے پاس آوینگے اور عرض کرینگے کہ آپ کے تئین اللہ تعالے نے بغیر باپ کے پیدا کیا روح اللہ خطاب فرمایا۔ اور دم سے آپ کے مُردونکو زندہ کروایا۔ آج ہماری مدد کرو اِس دردوغم سے خلاصی بخشواؤ۔ آپ فرماوینگے۔ دنیا مین جب قوم نے میری خدا سے مُنھ پہرے۔ میرے تئین خدا بولے اِس بات سے

مین گلتا ہون۔ مجھے اسوقت دم مارنے کی طاقت نہین ہے تم حضرت سید المرسلین خاتم النبیین محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جاؤ اور مصیبت اپنی عرض کرو۔ حضرت آدمؑ حضرت نوحؑ۔ حضرت ابراہیمؑ۔ حضرت موسیٰؑ۔ حضرت عیسیٰؑ اور تمام انبیا علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسّلام ساتھ امتون اپنے کے نیچے جھنڈے محمدؐ ہی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے آوینگے۔ اور باعاجزی تمام عرض کرین گے کہ ای حبیب رب العالمین۔ رب العالمین نے کبھی سخن آپکا رد نہین کیا۔ واسطے آپ کے زمین آسمان اور تمام ممکنات پیدا کیا۔ آپ پناہ دینے والے بیکسون کے۔ اور غمکو پہنچنے والے غمگینون کے ہو۔ رحمۃ للعالمین۔ شفیع المذنبین ہو۔ ہم غریبون پر رحم فرماؤ۔ اور جناب باری مین شفاعت کرو۔ بجرد سماعت فرمانے کے آپ کھڑے رہین گے۔ میدان شفاعت مین تشریف لاوینگے مقام محمودہ مین سجدہ فرماوینگے۔ حمد وثنا جناب الٰہی کی کرینگے۔ کہ کسینے نہین کیا تہا۔ اور کوئی نہین کرنیکا۔ بعدہ اللہ تعالےٰ فرماویگا اے محبوب میرے سر اُٹہاو۔ اور مانگو کیا مانگتے ہو۔ مین دنیا اور آخرت واسطے محبت تمہاری پیدا کیا ہون۔ ربوبیت اپنی واسطے دوستی تمہاری کے ظاہر کیا ہون۔ اگر تم نہوتے فلک سے اور ملک سے

نشان نہوتا تم نہوتے زمین اور آسمان کا ٹھکان نہوتا تم نہوتے عرش کرسی لوح اور قلم بہشت اور دوزخ سے نام نہوتا۔ تم نہوتے آدم اور حوا کا کام نہوتا۔ اے حبیب میرے۔ و ہی محبوب میرے سر اٹھاؤ اور مانگو کیا مانگتے ہو۔ عرش سے فرش تک تمام میری رضا طلب کرتے ہین۔ اور مین تمہاری رضا طلب کرتا ہون۔ بعد اُسکے جناب سید المرسلین صلے اللہ تعالے علیہ و آلہ وسلم سر سجدہ سے اُٹھا دینگے۔ اور عرض کرینگے خدایا امت ایک گنہگار رکھتا ہون مین۔ اگر عذاب کرے تو اُنہون کے تئین پس وہ بندے تیرے ہین۔ اور بخشنے تو انہون کے تئین یقین کہ تو غفور رحیم ہے۔ اللہ تعالے گرمی کو آفتاب کے اور تکلیف کو عرصات کے کم کریگا۔ سوال و جواب حساب و کتاب شروع فرما دیگا اور ایک حصہ امت مرحومہ کو بخشیگا۔ اِس امر سے ملائکہ مقربین اور تمام نبیین اور مرسلین کو تسکین ہوگی۔ پھر جناب سید المرسلین صلوات اللہ تعالے علیہ و علی آلہ اجمعین سر مبارک کو دوبارہ سجدے مین لیجا دینگے۔ دیر تک اُمتی اُمتی فرما دینگے اور عرض کرینگے اے کریم و اے رحیم اُمتِ گنہگار کے تئین بخش۔ پھر حکم ہوگا اے حبیب میرے و اے محبوب میرے اے نبی میرے و اے

رسول میرے سر اٹھاؤ بعد اس حکم کے جناب سید المرسلین حبیب
العالمین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم سر مبارک کو اٹھا وینگے
حمد و ثنائے الٰہی بجالاوینگے۔ پھر اللہ تعالے اور ایک حصہ امت
مرحومہ کو بخشیگا۔ پھر جناب سید المرسلین حبیب رب العالمین صلوات
اللہ تعالے علیہ وآلہ اجمعین سہ بارہ سر مبارک سجدے مین لیجاوینگے
رَبِّ اغْفِرْ اُمَّتِیْ رَبِّ اغْفِرْ اُمَّتِیْ فرماتے رہینگے پھر حکم
ہوگا اے محمد صلعم میرے وہی حامد میرے سر اٹھاؤ اور مانگو کیا مانگتے
ہو آپ سر مبارک کو اٹھاوینگے حمد و ثنا بجالا کر عرض کرینگے الٰہی
یہ فرمان تیرا ہے وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی۔ اور
البتہ قریب ہے عطا کریگا تیرے تئین رب تیرا پس راضی ہوگا
تو اس وعدے کو اپنے وفا کر امت گنہگار کو عطا کر تب دریاے
رحمت جوش مین آوے گی حکم ہوگا غَفَرْتُ لِجَمِیْعِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صلعم
یعنے بخشا مین تمام امت محمد صلعم کو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بعد اسکے
دوسرے امتون کے اور مخلوقاتون کے واسطے شفاعت فرماوینگے
اللہ تعالے شفاعت آپ کی قبول فرماویگا تمامون کے تئین بخشیگا
پس اسدن پردہ آنکھون سے سب کے اٹھیگا مرتبہ حبیب رب
العالمین سید المرسلین صلوات اللہ تعالے علیہ وآلہ اجمعین کا معلوم

ترجمہ
اے پروردگار
میرے بخش تو
امت کو میرے
اے پروردگار میرے
بخش تو امت کو
میرے ۱۲

ہوگا کہ جیسا آج کے دن بادشاہت اللہ تعالےٰ جل جلالہ کی ہے ویسا محبوبیت اور قربیت حبیب رب العالمین کی تمام فرع ہین آپ اصل ہین آپ دعوتی ہین تمام طفیلی ہین الٰہی تمام امت محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے تئین قدم مُبارک سے نزدیک کر کر دامن شفاعت سے لپیٹ آمین یارب العالمین۔

فصل ۲۸ بیچ بیان حساب کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ اللہ تعالےٰ اپنے بندون سے حساب لیگا جو سبکسار ہین اُنکو اُس حساب سے آسانی ہے اور جو گرانبار ہین اُنکو پریشانی ہے۔

فصل ۲۹ بیچ بیان سوال کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ اللہ تعالےٰ سوال اپنے بندون سے کریگا پہلے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھیگا کہ تمنے میری امانت وحی اوپر انبیاؤن کے کسطور سے پہنچائے بعدہ انبیاؤن کو صلوات اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین پوچھیگا کہ تمنے احکام میرے اوپر بندون میرے کے کسطور سے اداکئے عبادات مین پہلے سوال نماز کا ہوگا اور معاملات مین خون کا اِسی طور سے اللہ تعالےٰ تمام مخلوقات سے سوال فرمائیگا اور جواب اُسکا سنے گا۔

سوال وجواب سے لرزہ تمامون کے بدن مین پڑیگا۔

فصل بیچ بیان اعمالنامہ کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ

اعمالنامہ جس مین نیکی اور بدی لکھی ہوگی مسلمانون کے تئین آور نیکون
کے تئین سید ہے ہاتہ مین دیوینگے منافقون اور کافرون کے تئین
سینہ چیر کر بایان ہاتہ پیچھے نکالکر دیوینگے آور کہین گے کہ اپنے اپنے
اعمالنامے پڑہو آور اعمال دریافت کرو۔

فصل بیچ بیان میزان کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ
اعمال بندون کے ترازو سے یا کس اور چیز سے کہ کمی اور زیادتی
معلوم ہو تولینگے۔ نیکی تل برابر کسیکی زیادہ ہوگی اُسکے تئین
دوزخ سے چھٹکارا ہے۔ فرشتون سے مبارکبادیکا پکارا ہے بدی
تل برابر کسیکی زیادہ ہوگی اُسکے تئین جا بجا چھٹکارا ہے نعوذ باللہ منہا

فصل بیچ بیان پل صراط کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ خلق اللہ
پل صراط پرسے گذرینگے۔ جان کہ اوپر دوزخکے ایک پل ہے آور وہ
تین ہزار برس کا راستہ ہے بال سے باریک اور تلوار سے تیز ایک
ہزار برس کا چڑاو آور ایک ہزار برس کا برابر آور ایک ہزار برسکا
اُتار تمام خلق اللہ اُسپر سے گذرینگے۔ کافران اور منافقان اور گنہگاران
کٹ کٹ کر دوزخ مین گرینگے مسلمان موافق قوت ایمان کے
کوئی مانند بجلی کے کوئی مانند ہوا کے کوئی مانند گھوڑے کے
کوئی مانند آدمی کے۔ کوئی مانند چیونٹی کے۔ آور کوئی اُس سے بدتر

چلینگے۔ پل صراط پر اندھارا بہت ہوگا۔ جناب حبیب رب العالمین واسطے امت اپنی کے تشریف فرما ہوویںنگے۔ روشنی مین نور محمدی صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے تمام مسلمان گذر کر بہشت مین داخل ہوجاوینگے۔

فصل بیچ بیان حوض کوثر کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ جناب سید المرسلین حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کا حوض ہے کہ نام اسکا حوض کوثر ہے لنبا چوڑا ایک مہینے کے راستے کا ہے۔ پانی اسکا دودھ سے سفید شہد سے میٹھا زیادہ ہے۔ اطراف اسکے کوزے اور پیالے بلور کے تارون کے مانند چمکتے ہوے روشن ہین حبیب خدا صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم دست مبارک سے پانی لیکر حضرت علی مرتضے کرم اللہ تعالے وجہہ کو عنایت فرماوینگے اور آپ تمام امت مرحومہ کو تقسیم کرینگے اور پلاوینگے۔ اور فرماے حضرت علی مرتضے کرم اللہ تعالے وجہہ۔ کہ جسکے دل مین محبت اور تعظیم جناب صدیق اکبر رضے اللہ تعالے عنہ کی نہین ہونے کی اُسے ایک قطرہ پانی نہین دینے کا اور جو کہ ایک قطرہ پانی حوض کوثر کا پیئے گا اُسے کبھی پیاس نہین ہونے کی۔

فصل ۴۴ - بیچ بیان دوزخ کے - ایمان لے آ اور یقین جان کہ دوزخ واسطے عذاب کرنے کافرون کے اور منافقون کے اور واسطے بعضے گنہگارون کے ہے وہ دوزخ کے سات درجے ہین ایک سے ایک سخت پایۂ ہے - اور بیچ اُسکے طرح طرح کا عذاب ہے انگارے سے سردی سے اور سانپون سے اور بچھون سے کہانا اُسکا جہاڑ سے سینڈ کے ہے اور پانی اُسکا پیپ اور لہو ہے تمام کافرون کو اور منافقون کو اور بعضے گنہگارون کو اُس مین ڈالینگے گنہگار موافق گنہ کے عذاب دیکہکر و یا شفاعت سے حضرت رسول خدا صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے نکلکر پانی سے حوض کوثر کے نہاکر بہشت مین جاوینگے - کافران اور منافقان ہمیشہ بیچ اُسکے رہینگے اُنکے تیئن عذاب سے کبہی نجات نہین ہونے کی اللہ تعالے مسلمانون کے تیئن تصدق سے نعلین مبارک حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ اجمعین کے اُس سے بچاوے -

فصل ۴۵ - بیچ بیان جنت کے - ایمان لے آ اور یقین جان کہ جنت واسطے مسلمانون کے ہے اور ادنی جنتی کے تیئن دس برابر دنیا کے مکان ملیگا اُس جنت کے آٹہ درجے ہین ایک سے ایک زیادہ اور بہتر ہے نعمتون کو اُسکے انتہا نہین ہے اور نعمتان اُسکے ایسی ہین

کہ کسیکے دل مین خطرہ نہین گذرا اور کسیکی آنکھون سنے نہین دیکھے
اور کسیکے کانون نے نہین سنے حوران اور غلمان اور مکانات نورانی
کے ہین ہزارہا درخت اور ہزارہا میوے اور طرح طرح کے پوشاک
ہین اور اقسام ہاکے طعام اور جانور ہین چہار ندیان ہین ایک
مین پانی اور دوسرے مین دود تیسرے مین شہد چوتھی مین
شراب نہ ایسی شراب کہ آدمی کو بیہوش کرے اور دردِ سر پیدا
کرے۔ جان کہ جو بہشتی کہ جس کھانے کے طرف یا میوے کے
طرف یا جانور کے طرف خواہش سے دیکھے روبرو موجود ہوجاے
اور بخوشی تمام اپنے کے تئین کھلاتا ہے لذت اُسکے سر سے پاؤن
تک رہتی ہے جان کہ لذت ایک میوے کی ستر قسم کی ہے ایک
طرف سے کہاتے جاوینگے دوسری طرف سے طیار ہوگا جس قدر
کہ کہاتے جاوینگے ہوس اور رغبت زیادہ ہوگی بس خوبیان
جنت کی کسیکو بیان کرنے کی طاقت نہین ہے بہشتی جب بیچ
اُسکے داخل ہوگا ہمیشہ بیچ اُسکے رہیگا نہ کبھی مریگا اور نہ کسی
چیز کا غم کریگا اور دریاے رضا مین ڈوبیگا باوجود اس دولتِ
عظیم کے اور نعمت کریم کے دیکھنا موافق اپنے مرتبے کے ہر روز
یا ہر ہفتے مین جمال مبارک جبیبِ ربّ العالمین صلوات اللہ تعالی

علیہ وآلہ اجمعین کا ہے کہ تمام نعمتان روبرو اُسکے ناچیز ہین اور
کچھ مرتبہ نہین رکھتے ہین اوپر اس سرفرازی کے دوسری سرفرازی
دیکھنا اللہ تعالے کا ہے کہ تمام نعمتان اپنے بھول جاویگا اور دیدار
الٰہی مین ڈوب جاویگا۔ خدایا تصدق سے نعلین مبارک حضرت
حبیب تیرے کے دیدار سے تیرے مشرف کر آمین یا ربّ العالمین
وصلّی اللہ تعالے علی خیر خلقہ سیدنا محمد صلعم وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک
یا ارحم الراحمین۔ عنایت سے اللہ تعالیٰ کے اور تصدق سے
نعلین مبارک حبیب خدا صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے رسالہ
عقائد کا ۱۲۶۵ھ بارا سے پینسٹھ ہجری مین تمام ہوا نام اِسکا عقائد
ضروریہ رکھا گیا۔ اللہ تعالے اِس رسالہ کے تئین مقبول اہل
زمانہ کا کرے اور بسبب اِسکے مسلمانون کے تئین فائدہ بخشے آمین
یارب العالمین۔ لازم اور ضرور ہے ہر شخص کے تئین کہ موافق
عقائد اہل سنت وجماعت کے اعتقاد اپنا درست کرے اور مضبوط
رکھے کہ سواے گروہ اہل سنت وجماعت کے کسیکے تئین آخرت
مین نجات نہین ہے۔ بعد درست کرنے عقائد کے عمل موافق شریعت
کے جاری رکھے یعنے جسے کہ شرع نے حلال کہا اُسکے تئین بجان ودل
بجا لاوے۔ اور جسے کہ شرع نے حرام کہی اُس سے نہایت پرہیز

کرے اور بچے بمقتضاے بشریت کے اگر خطا ایک واقع ہووے اُس سے
نادم ہووے آور توبہ کرے بعد عقائد کے آور عمل موافق شریعت کے قدم محبت
الٰہی مین رکھے تاکہ مومن عام سے مومنِ خاص مین داخل ہووے جان
کہ محبت الٰہی بغیر نعلین برداری شیخ کامل مکمل کے حاصل نہین ہوتی ہے علامت شیخ
کامل مکمل کی وہ ہے کہ بال برابر خلاف شرع نکرے نہ ظاہراً نہ باطناً بمجرد صحبت
اُسکے غمِ دنیا دِل سے دھوجاوے آور توجہ الی اللہ پیدا ہووے آور وہ خود
راہ دان آور راہ بین ہووے آور مقامات سلوک پیر کامل سے طی کیا ہووے
پس ویسی ذات مبارک کی غلامی اختیار کرے آور عمر اپنی نیچے سایۂ قدم
مبارک اُنہون کے آخر کرے تاکہ نجات اخروی حاصل ہووے آور
عیش ابدی کامل ہووے ۔ آور یقین جان کہ طریقہ نقشبندیہ اور
قادریہ آور چشتیہ اور سُہروردیہ اور کبرویہ اور طیفوریہ اور طبقاتیہ آور رفاعیہ وغیرہ
سب حق ہین آور پہنچانے والے طرف اللہ تعالےٰ کے ہین آور کسی
طریقہ مین بال برابر خلاف شرع نہین ہے آور کوئی صاحب طریقہ
نے خلاف شرع نہین کیا ہے پس کسی نے نفسانیت سے اپنے
کوئی کام خلاف شرع کیا آور نام پیرون کا لیا اُسنے پیرون کو اپنے
بدنام کیا آور نارضا کیا اور آخرت اپنی خراب کیا نعوذ باللہ منہا
آور تمام طریقون مین آولیا نجبا نقبا غوث اور قطب ابدال

اور اوتاد اور محبوب ہوئے ہین۔ لازم کہ اِن سب بزرگان
دین سے اور اکابر راہ یقین سے اعتقاد درست رکھنا اور کسی ایک
اولیاء اللہ سے بداعتقاد نہونا کسی ایک سے بداعتقاد ہوا گویا
سب سے بداعتقاد ہوا۔ پس جسنے کہ دوستان الٰہی سے بداعتقاد
ہوا اُسنے راہ جنت چھوڑا اور راہ دوزخ اختیار کیا۔ اللہ تعالے
اُس سے سب مسلمانون کو محفوظ رکھے اور یقین جان کہ سب
طریقون مین طریقہ نقشبندیہ افضل اور اعلی ہے اور سلسلہ
اس طریقہ عالیہ کا حضرت صدیق اکبر رضے اللہ تعالے عنہ کو پہنچتا ہے
کہ آپ خلیفہ برحق اور جانشین مطلق جناب حبیب رب العالمین
کے ہین اور محبوب محبوبِ خدا کے ہین اور باوجود کمالات ولایت
محمدیہ صلعم کے حامل بار نبوت احمدی صلعم ہی کے ہین اسیواسطے بعد سید
المرسلین اور بعد انبیاء متقدمین صلوات اللہ تعالے علیہم اجمعین کے
خلعت سے افضل بشریت بالتحقیق سرافراز ہوئے ہین پس جو طریقہ کہ
افضل بشر کے تئین پہنچا ہے البتہ سب طریقون مین افضل اور اعلی
ہوگا جان کہ اکابر اس طریقہ کے رحمہم اللہ تعالے واسطے اسیکے
سوائے متابعت سنت سنیہ کے راستہ نہین بتاتے ہین اور
قدم مبارک اپنا دائرہ عزیمت سے باہر نہین رکھے ہین۔ انتہا

دوسرون کی ابتدا مین انہون کے شریک ہے۔ شروع عالم امر سے فرماے ہین عالم خلق کے تیئن ضمن مین اُسکے صاف کئے ہیں۔ سفر بیچ وطن کے مقرر کئے ہین خلوت بیچ انجمن کے حاصل کئے ہین۔ حضور اور آگاہی نقد وقت رکھتے ہین سواے ذات مجردہ کے خواہان دوسرے کے نہین ہین۔ دریاے محبت مین ڈوبے ہوے ہین خصوصاً اِس زمانے مین زینت عالمین کے اور قوت فاضلین کے راہ بتانے والے سالکین کے۔ اور پیشوا عارفین کے۔ دلیل متکلمین کے اور نگینہ خاتم شرع متین کے مقوم راہ یقین کے۔ نور طریقت کے۔ محور حقیقت کے شہسوار میدان معرفت کے۔ آفتاب طریقہ نقشبندیہ کے۔ مہتاب نسبت شریفہ احراریہ کے۔ فیض پہنچانے والے مقامات مجددیہ کے۔ اور بتانے والے کرامات مظہریہ کے۔ خلفاؤ کن ہے قطب الاقطاب فرد الافراد حضرت شاہ عبد اللہ المعروف بہ غلام علی شاہ دہلویہ کے شیخ میرے مرشد میرے ہادی میرے حضرت شاہ سعد اللہ صاحب قبلہ دام اللہ ظلالہم صحبت شریف پہنچانے وال جمعیت کو نظر شریف اٹھانیوالی غیریت کو باطناً حضرت شاہ نقشبند اور مجدد الف ثانی ہین ظاہراً

جسم سے اپنے فانی ہین۔ خوشا نصیب انہون کے کہ کمرِ ارادت
کی باندہی اور حلقۂ غلامی کے تیئن کان مین اپنے ڈالے۔
اور بجان و دل نعلین برداری کیئے۔ نعمت باطنی کامل کیئے
عیش ابدی حاصل کیئے۔ الٰہی اس غریب اور فقیر کے تیئن کہ
نام اُسکا محمد نعیم ہے اور معروف ساتہ مسکین شاہ کے ہر
نعلین برداری مین ممتاز کر۔ اور فرمانبرداری مین سرفراز کر آمین
یارَبَّ العالمِین وَصلّی اللہ تعالےٰ علیٰ خیرِ خلقِہٖ سَیِّدِنا محمد صلعم و آلہٖ
اَصحابِہٖ اجمعین برحمتِکَ یا اَرحم الرّاحمین تمت

ومن اشادۃ الشریفۃ اللہ تعالےٰ علیٰ وس لخادمین ظلہم العالی ما گرزت الایام و اللیالی

نامرادی مراد اپنی ہے
دِل مقابل وجوب کے اپنا
قم باذنی و قم باذن اللہ
ہے مخالف یہ نفسِ امّارہ
جبھہ سائی درِ محمد صلعم کی

خوب سمجھو یہ بات اپنی ہے
فی الحقیقت ثبات اپنی ہے
جان جانان نہ بات اپنی ہے
آہ اِسمین ممات اپنی ہے
شاہ باد انجات اپنی ہے

صلے اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ وسلم

ہے خیالِ وجود مین مسکین
عدمِ محض ذات اپنی ہے

تمام شد رسالہ

مسائل ضروریہ فی صلوٰۃ المفروضۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین الصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر المرسلین محمد وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین

بعد حمد و صلوٰۃ کے جان کہ فرایض اور واجبات اور سنتین اور مستحبات نماز کے نا جان کر نماز پڑہنے سے نماز کامل نہین ہوتی ہے اسواسطے فقیر مسکین نے بیچ اس مختصر کے ساتھ سہل طریق کے بیان کیا ہی لازم ہے ہر مسلمان کو کہ موافق اس کے یاد کر کر عمل کرے تاکہ درستی نماز ہو کر خوبی آخرت پیدا ہووے۔

غسل کے تین فرض

پہلا فرض غرارہ کرنا۔ دوسرا فرض ناک مین پانی لینا۔ تیسرا فرض سر سے پاؤن تک تمام بدن دہونا۔

غسل کے پانچ سنتین

پھلی سنت دونو ہاتھ پہنچون تک دہونا۔ دوسری سنت جسم کو کہین نجاست لگی ہو دہونا۔ تیسری سنت استنجے پاخانیکی جاے دہونا۔ چوتھی سنت وضو کرنا۔ پانچوین سنت تمام بدن سرسے پاؤن تک تین مرتبہ دہونا

وضو کے چار فرض

پھلا فرض تمام منھ دہونا۔ دوسرا فرض دونو ہاتھ کہنیان تک دہونا یعنے کہنیان بھی دہونا۔ تیسرا فرض پاؤ سر کا مسح کرنا۔ چوتھا فرض دونو پاؤن ٹخنون تک دہونا یعنے ٹخنے بھی دہونا۔

وضو کے تیرہ سنتین

پھلی سنت دونو ہاتھ پہنچون تک دہونا یعنے پہنچے بھی دہونا۔ دوسری سنت بِسْمِ اللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْاِسْلَامِ بولنا۔ تیسری سنت نیت کرنا یعنے نَوَيْتُ اَنْ اَتَوَضَّأَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَلِاسْتِبَاحَةِ الصَّلٰوةِ دل سے بولنا۔ چوتھی سنت تین بار کلیان کرنا۔ پانچوین سنت مسواک کرنا۔ چھٹی سنت ناک مین پانی لینا۔ ساتوین سنت داڑہی کا خلال کرنا۔ آٹھوین سنت تمام سر کا مسح کرنا۔ نوین سنت کانون کا مسح کرنا۔ دسوین سنت سیدہے طرف سے دہونا۔ گیارہوین سنت ترتیب سے دہونا۔ بارہوین سنت ہات اور پانون کے انگلیونکا

خلال کرنا - تیرہوین[۱۳] سنت ہر ہر اعضا کو تین تین مرتبہ دہونا جان کہ مسح گردن کا مستحب ہے -

آگے وضو کے دو[۲] سنتین ہین

ایک[۱] سنت پیچہے پیشاب کے اور پیچہے پاخانے کے ڈہیلے لینا - دوسری[۲] سنت پانی سے دہونا -

وضو کے چھہ[۶] مکروہ

پہلا[۱] مکروہ وقت استنجے کے بات کرنا - دوسرا[۲] مکروہ بائین ہاتھ سے بیعذر موٹھ مین اور ناک مین پانی لینا - تیسرا[۳] مکروہ سیدہے ہاتھ سے بیعذر ناک چھنکنا - چوتہا[۴] مکروہ پانی اوپر منھ کے زور سے مارنا - پانچوان[۵] مکروہ کلیان جان بوجھ کر بیچ پانی کے کرنا - چھٹا[۶] مکروہ ناف سے گھٹنے تک اپنا بدن تہوڑا یا بہت بیچ وضو کے دیکھنا -

وضو گیارہ[۱۱] چیزوں سے ٹوٹتا ہے

پہلی[۱] چیز پیشاب کے جائے سے کچھہ نکلنا - دوسری[۲] چیز پاخانہ کی جائے سے کچھہ نکلنا - تیسری[۳] چیز کسی جائے سے لہو بہنے موافق نکلنا - چوتھی[۴] چیز کسی جائے سے پیپ بہنے موافق نکلنا - پانچوین[۵] چیز قی منھ بھر کر نکلنا چھٹی[۶] چیز ٹیکا لگا کر سونا - ساتوین[۷] چیز دیوانہ ہونا - آٹھوین[۸] چیز کسی آزار سے بیہوش ہونا - نوین[۹] چیز نشہ سے بیہوش ہونا دسوین[۱۰] چیز

ننگا ہوکر ننگی عورت کو لپٹنا - گیارہوین چیز نماز مین بالغ نے پکار کر ہنسنا -

تیمم مین تین فرض

پہلا فرض نیت کرنا نَوَیْتُ اَنْ اَتَیَمَّمَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَ لِاسْتِبَاحَۃِ الصَّلٰوۃِ دوسرا فرض دونو پہنچے پاک مٹی پر مار کر اوپر منھ کے ملنا - تیسرا فرض پھر دونو پہنچے مٹی پر مار کر دونو ہاتھون کو کہنیون تک ملنا -

نماز کے چودہ فرض سات فرض باہر کے

پہلا فرض تن پاک کرنا - دوسرا فرض جامہ پاک کرنا - تیسرا فرض جاے پاک کرنا چوتھا فرض ستر عورت کرنا - پانچوان فرض وقت پہچاننا - چھٹا فرض قبلہ پہچاننا - ساتوان فرض نیت کرنا -

سات فرض اندر کے

پہلا فرض تکبیر تحریمہ بولنا - دوسرا فرض قیام کرنا - تیسرا فرض قراءت پڑھنا - چوتھا فرض رکوع کرنا - پانچوان فرض دو سجدہ کرنا چھٹا فرض قاعدہ آخر کا بیٹھنا - ساتوان فرض بعد قاعدۂ آخر کے اپنے اختیار سے نماز کے باہر ہونا -

نماز کے بارہ واجب

پہلا واجب سورۂ فاتحہ پڑھنا - دوسرا واجب ضم سورہ کرنا - تیسرا واجب فرض نماز کے دو رکعت اول مین قراءت پڑھنا - چوتھا واجب

فجر اور مغرب اور عشا مین پکار کر پڑہنا - پانچوان[۵] واجب ظہر اور عصر مین آہستہ پڑہنا - چہٹا[۶] واجب ترتیب سے رکن ادا کرنا - ساتوان[۷] واجب آرام سے رکن ادا کرنا - آٹھوان[۸] واجب نماز فرض مین اور وتر مین بیچ کا قاعدہ بیٹھنا - نوان[۹] واجب دونون قاعدون مین اَلتَّحِیَّات عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ تک پڑہنا - دسوان[۱۰] واجب لفظ سلام بولکر نماز کے باہر ہونا - گیارہوان[۱۱] واجب وتر مین دعا قنوت پڑہنا - بارہوان[۱۲] واجب ہر نماز مین عید کے چہہ تکبیرین بولنا -

نماز کے بیس[۲۰] سنتین

پہلی سنت دونو ہاتھ مردان کانون تک اور عورتین مونڈہون تک اوٹھانا - دوسری[۲] سنت نیچے ناف کے مردان اور عورتین اوپر چہاتی کے رکہنا - تیسری[۳] سنت سیدہا ہاتھ اوپر بائین کے رکہنا - چوتھی[۴] سنت نظر جاے سجدہ کے رکہنا - پانچوین[۵] سنت سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑہنا چہٹی[۶] سنت اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ بولنا - ساتوین[۷] سنت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے الحمد شروع کرنا - آٹھوین[۸] سنت آخر مین الحمد کے آمین بولنا - نوین[۹] سنت رکوع مین تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ بولنا دسوین[۱۰] سنت امام رکوع سے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہتے ہوے اوٹھنا

گیارہوین[11] سنت مقتدیان ربنا ولک الحمد بولنا - بارہوین[12] سنت سجدہ مین تین مرتبہ سبحان ربی الاعلے بولنا - تیرہوین[13] سنت تمام تکبیرین اوٹھنے اور بیٹھنے کے بولنا چودہوین[14] سنت فرض کے دو رکعت آخرمین فقط الحمد کا سورہ پڑہنا - پندرہوین[15] سنت مردان بائین پاؤن پر اور عورتین دونون پاؤن سیدہی طرف نکال کر چوتڑون پر بیٹہنا - سولوین[16] سنت بیچ قاعدہ کے نظر گود مین رکہنا - سترہوین[17] سنت سر ہاتھ پاؤن کے انگلیونکا وقت سجدہ کے اور وقت قاعدہ کے طرف قبلہ کے رکہنا - اٹھارہوین[18] سنت درود قاعدہ آخرمین بعد التحیات کے پڑہنا - اونیسوین[19] سنت بعد درود کے کچھہ دعا ماثورہ دین مین مانگنا - بیسوین[20] سنت وقت سلام کے سیدہے اور بائین طرف منھہ پہیرنا -

نماز کے اونیس[19] مکروہ

پہلا[1] مکروہ سیدہے اور بائین طرف دیکہنا - دوسرا[2] مکروہ پیشانی سے مٹی یا غبار پونچنا - تیسرا[3] مکروہ پگڑی کے پہیر پر یا ٹوپی پر سجدہ کرنا - چوتہا[4] مکروہ باوجود کپڑون کے اور پگڑی ٹوپی کے ننگے آنگ اور ننگے سر نماز پڑہنا پانچوان[5] مکروہ سر یا کاندہون پر کپڑا ڈال کر دونو پلو لٹکے ہوے نماز پڑہنا چہٹا[6] مکروہ ہات کمر پر رکہکر کہڑے رہنا - ساتوان[7] مکروہ جماعت سی جدا کہڑے رہنا - اٹھوان[8] مکروہ بایان ہاتھ سیدہے ہاتھ پر رکہنا - نوان[9] مکروہ انگلیان

ہاتھ اور پانون کے توڑنا۔ دسوان مکروہ آنکھین اُٹھا کر آسمان کو دیکھنا۔ گیارہوان مکروہ کپڑے سے یا کسی چیز سے کھیلنا۔ بارہوان مکروہ جاے سجدہ کے کنکرے سرکانا۔ تیرہوان مکروہ بیچ سجدہ کے کہنیان زمین پر رکھنا۔ چودہوان مکروہ تصویر جاندار کی چھت پر۔ یا زمین پر یا بازو پر یا رسامنے ہونا۔ پندرہوان مکروہ نزدیک پائخانہ کے نماز پڑھنا سولہوان مکروہ سیدھے پاؤن پر بیٹھنا۔ سترہوان مکروہ مانند عورتون کے چوتڑون پر بیٹھنا۔ اٹھارہوان مکروہ آگے التحیات کے بسم اللہ پڑھنا۔ انیسوان مکروہ جان بوجھ کر کوئی سنت نماز کی نکرنا۔

نماز بائیس چیزون سے ٹوٹتی ہے

پہلی چیز کسیکو السلام علیکم بولنا۔ دوسری چیز جواب سلام کا دینا تیسری چیز تھوڑی یا بہت بات کرنا۔ چوتھی چیز واسطے دنیا کے رونا پانچوین چیز واسطے دنیا کے پکارنا۔ چھٹی چیز واسطے دنیا کے اُف کرنا ساتوین چیز واسطے دنیا کے آہ بھرنا۔ آٹھوین چیز کچھ کھانا۔ نوین چیز کچھ پینا۔ دسوین چیز کوئی بات کا جواب دینا۔ گیارہوین چیز بعذر کھنکارنا۔ بارہوین چیز اللہ سے دنیا کی مراد مانگنا۔ تیرہوین چیز منھ طرف سے قبلہ کے پھیرنا۔ چودہوین چیز نماز کا کوئی رکن نکرنا۔ پندرہوین چیز قرارت نہ پڑھنا۔ سولہوین چیز ناف سے گھٹنے تک اکثر عضو کا کھلنا

ستترھوین چیز کلام اللہ دیکھکر پڑہنا - اٹھارہوین چیز اپنے امام کے سوا دوسرے کو بتانا - اونیسوین چیز ایک رکن مین تین حرکت کرنا بیسوین چیز دونو ہاتون سے ایک مرتبہ کچھہ کام کرنا - اکیسوین چیز ایسی حرکت کرنا کہ دوسرا دیکھنے والا سمجھے کہ نماز مین نہین ہی - بائیسوین چیز خندہ کرنا یعنے اپنی ہنسی کا آواز آپ سُننا - جانکہ رات دن مین سترہ رکعت نماز پڑہنا فرض ہی دو رکعت فجر مین - چار رکعت ظہر مین - چار رکعت عصر مین تین رکعت مغرب مین - چار رکعت عشا مین - تین رکعت واجب الوتر مین جانکہ رات دن مین بارہ رکعت نماز پڑہنا سُنت موکدہ ہی دو رکعت فجر مین چھے رکعت ظہر مین دو رکعت مغرب مین دو رکعت عشا مین -

اسطور سے التحیات بیچ قاعدون کے پڑہنا

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِیْبُ الدَّعَوَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط۔

اس طور سے دعا قنوت بیچ واجب الوتر کے پڑھنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

بعد نماز کے یہ دعا پڑھنا

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَیْكَ یَرْجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

بعد اذان کے یہہ دعا پڑھنا۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِیْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط

بیان غسل میت کا

مستحب ہی کہ نہلانے والا میت کا خویش نزدیک کا ہووے یعنے باپ یا بھائی یا بیٹا ہووے اور باوضو ہووے اگر اوسے علم نہلانے کا نہین ہے دوسرا کوئی پرہیزگار نہلاوے پہلے عود تختے کو دلا کر میت اوپر اوسکے سلا کر تمام کپڑے اوس میت کے اوتار کر لنگی ناف سے گہٹنے تک ڈہانپ کر نہلانا شروع کرے اور سواے نہلانے والون کے دوسرے نہ دیکہین نہلانے تک عود جلاوے اور غفرانک یا رحمٰن بولتے رہووے بیر کی پتی ڈالکر پانی گرم کرے اگر نہ ملین سادا پانی کفایت کرتا ہے پہلے ایک ڈہیلے استنجے کی جاے کو صاف کرے بعد تین یا پانچ یا سات ڈہیلے سے پاخانہ کی جاے کو صاف کر کر کپڑا ہاتون کو لپیٹ کرا ستنجے پاخانہ کی جاے دہو کر وضو کراوے بغیر منہ مین اور ناک مین پانی ڈالنے کے لاکن مستحب ہی کہ کپڑا اگیلا اونگلی پر لپیٹ کر دانتون پر پہراوے اور سوراخ ناک کے اسی طور سے صاف کرے بعد وضو کے اگر بال داڑی کے اور سر کے ہووین لعاب سے چہال گلخیرو کے دہووے وگرنہ صابون کفایت کرتا ہے بعدہ کروٹ کرے اوپر بائین مونڈے کے اور دہووے سیدہا طرف تمام اوسکا اس طور سے کہ پانی تختے تک

پہنچے بعد اوسکے کروٹ کری اوپر سیدہی مونڈہے کے آور دہووے بایان
طرف تمام اوسکا بعدہٗ ٹیکا پیچہے دیکر آہستہ پیٹ ملے اگر پاخانے کے یا
پیشاب کے جائے سے کچہہ نکلی اوسے دہووی پہر دوبارہ وضو نہ کراوی
اگر میت چہوٹی ہے فقط پانی پیٹ پر ڈالے بعد اوسکے موافق ترتیب
سابق کے تین مرتبہ کروٹ کرے ہر کروٹ مین تین تین یا پانچ پانچ
یا سات سات مرتبہ پانی ڈالے۔ جانکہ زیادہ سات مرتبہ سے کراہیت ہے
بعد غسل کے کفن پہناوے ایسی کپڑے کا کہ عید اور جمعہ کو پہنتا تہا۔ جان کہ
مرد کو کفن سنت تین کپڑے ہین ایک کفنی دوسری ازار تیسر الفافہ کفنی
گلے سی ٹخنون تک ازار اور لفافہ سر سی پاؤن تک آور عورتون کو پانچ
کپڑے سوائے اِن تین کے دو کپڑے اور ہین ایک سر بند دوسرا سینہ بند
ورازی سر بند کے دو گز شرعی آور چوڑائی ایک بالش درازی سینہ
بند کی تین گز آور چوڑائی بغل سے ران تک اگر کفن سنت نہ ملے مرد کو
کفن کفایت دو کپڑے ایک ازار دوسرے لفافہ آور عورت کو تین کپڑے
ایک کفنی دوسرے ازار تیسرا لفافہ اور یہہ بھی نہ ملے کفن ضرور جتنا کہ
پاوی دیوے اگر کفن مطلق نہ ملے میت کو بیچ گہانس خوشبو کے یعنے
روسہ کے لپیٹے جانکہ پہلے لفافہ اوپر اوسکے ازار اوپر اوسکے کفنی
بچہا کر میت اوپر اوسکے سلاکر خوشبو لگاوے یعنے عطر ملے بعدہٗ کافور

سات جگہہ لگاوے - ایک پیشانی دو ہتیلیان دو گھٹنے دو پنجے پاؤنکے
پہرہ پہلی ازار بائین طرف سے پیچہے پیدے ہے طرف سی لپیٹ کر بعد اوسکے
لفافہ اوسی طور سے پلیٹے بعدہ تین جاے باندہے ایک اوپر سرکے دوسرا
بیچ کمر کے تیسرا نیچے پاؤن کے اور عورتون کو بعد کفنی پہنانیکے بال سرکے
دو حصہ کرکر چہاتی پر ڈال کر پیچہے اوسکے سربند یعنے دامنی اوپر سرکے
اور گرد دو نو پلون سے دو نو طرف سے بال پٹے پیچہے اوسکے سینہ بند
پیچہے اوسکے لفافہ لپیٹ کر تین جائے باندہے اور نماز موافق ترتیب لکہے
ہوے کے پڑہے - جان کہ نیت نماز جنازہ فرض ہے اگر جنازہ مردکا
ہوے برابر سینہ کے کہڑے رہوے اگر جنازہ عورتکا ہو برابر سرکے کہڑے
رہوے اور نیت یون کرے نماز پڑہتا ہون مین اس جنازہ کی
سات چار تکبیرون کے اور دعا واسطے اس میت کے اگر امام ہووے
پیچہے اس امام کے بولے واسطے اللہ تعالی کے اللہ اکبر بولکر ہات باندہے
بعد اوسکے ثنا پڑہے یعنے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ
اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑہے بعد
اوسکے پہر بغیر ہات اوٹہانیکے اللہ اکبر بولکر درود کہ بیچ التحیات کے
ہے تمام پڑہے پہر بغیر ہاتہہ اوٹہانیکے اللہ اکبر بولکر یہہ دعا پڑہے
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا

وَذَکِّرْنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ بعد اس دعا کے پہر اللہ اکبر بولکر سلام پہیرے نماز جنازہ تمام ہوئی۔ اگر جنازہ لڑکے کا ہو یہہ دعا پڑہے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا اور جنازہ لڑکی کا ہو تو یون پڑہے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْھَا لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْھَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً۔

بیان روزے ماہ رمضان المبارک کا

جان کہ روزے تمام ماہ رمضان کے اور نیتین اون کے فرض ہین نیت یہہ ہی نَوَیْتُ اَنْ اَصُوْمَ غَدًا فَرْضًا مِّنْ شَھْرِ رَمَضَانِ الْمُبَارَکِ لِلّٰہِ تَعَالٰی یا یون کہے روزہ رکہتا ہون مین فرض اس ماہ رمضان کا واسطے اللہ تعالی کے جان کہ بعد آدہی رات کے ساتوان حصہ رات کا رہتے تک سحر کرنا سنت ہے ساتوان حصہ رات کا چار گہڑی ہوتی ہی بعضے دراز رات مین سوا یا ساڑہے چار گہڑی ہوتی ہی لاکن قریب ساتوین حصہ کے کہانا کہانے سے سنت نبی صلی اللہ علیہ آلہ وسلم بخوبی ادا ہوتی ہی پس واہان سی کہ صبح صادق شروع ہے آفتاب ڈوبنے تک تین چیزین حرام ہین ایک چیز کچہہ کہانا دوسری چیز کچہہ پینا تیسری چیز جماع کرنا جب یقین ہوا کہ آفتاب ڈوبا مختار ہے کسی چیز افطار کرے کہ وقت افطار کا ہو نیت افطار کی شرط نہین ہی بلکہ فاتحہ پڑہے

اور شکر اللہ کا کری اور دعا مانگے کہ وقت قبولیت کا ہی کوئی جان بوجھ کر بیچ
روزہ کے ان تین چیزون سی ایک چیز کیا یعنی کچھ کہایا یا کچھ پیا یا جماع کیا
اوسپر قضا اوس روزہ کے اور کفارہ آیا یعنی ایک غلام یا ایک باندی
آزاد کرے اور ایک روزہ قضا کا رکھی یا باندی غلام میسر نہین ساٹھ غریبون
کو پیٹ بھر کہانا کہلاوے اور ایک روزہ رکھے یا قدرت کہانا کہلانیکی نہین
ساٹھ روزہ پے در پے رکھے اور روزہ قضا کا رکھی اگر کوئی مٹی یا کنکرے یا
یا موتی یا سیپی سوائے انکے جو چیز کہ نہین کہانیکی ہی کہایا یا غرغرہ کیا یا ہاتھ سے
شہوت باہر نکالا یعنے انزال کیا روزہ گیا لاکن بغیر کفارہ کے قضا روزہ
لازم پڑا اور کسی نے بھولے سی پیٹ بھر کر یا تہوڑا پیٹ کہانا کہایا پانی
پیا یا شہوت سی خود بخود چھوٹ گیا یا خواب مین جماع سی انزال کیا روزہ
نہین گیا اور اگر کسی نے کہانے کی چیزون سی زبان پر رکھا لاکن حلق تک
نہین پہنچا روزہ مکروہ ہوا یا کسی نے روٹی چبا کر لڑکے کو کہلایا وقت ضرور کے
جایز آیا اور کسی نے حجامت کیا یعنے فصد لیا جو کون سی سینگیون سے
لہو نکالا یا سرمہ آنکہو مین لگایا یا تیل سیر مین ڈالا یا خوشبو سونگا ان تمام
صورتو مین روزہ نہین گیا اور کچھ گناہ نہین ہوا۔

تمام شد رسالہ مسائل ضروریہ فی صلوۃ المفروضہ من تالیف فقیر حقیر محمد نعیم
بن محمد حفیظ المعروف بمسکین شاہ نقشبندی الحیدرآبادی

غفر اللہ لہ ... وصلی اللہ ... (حاشیہ پر دستی تحریر، ناخوانا)

قصیدہ چکیدہ قلم ارشاد رقم حضرت ایشان ماقلبی روحی فداہ مدظلہ وزاد فیضہ

ہین فخر رسل انجمن آرائے مدینہ
گرو بیان رہتے ہین تولای مدینہ

وحدت مین فنا ہووین نہ کیسے طور سے اب ہم
رہتے ہین دل و جان سے تمنائے مدینہ

دریائے محبت مین سراپا ہی ڈوبا
جو دل سے ذرا دیکھین تماشای مدینہ

ای اہل نظر غور سے دیکھو تو ذرا تم
تصویر کا عالم ہے سراپائے مدینہ

اب صحو کو ہی تسلیم ہے اور دوری ادب آ
جس روز سے ہم ہوگئے شیدای مدینہ

لیجاؤن اگر سر کو فلک پر تو سزاوار
رہتا ہی میرے سر مین جو سودائے مدینہ

واللہ نظر حور پہ ہرگز نکرین ہم
ہے اپنے مقابل رخ زیبای مدینہ

یثرب کے ہر اک ذرہ مین محبوب کا دیدار
رشک چمن طور ہے ہان جائے مدینہ

ہر ذرہ ممکن کا مفر یثرب و بطحا
مولائے جہان ہے مرا مولای مدینہ

مسکین کی اب خاک کو ای باد صبا تو
لیجا کے فنا کر دے بصحرائے مدینہ

ہم عاصیان شفاعت احمد سے جائینگے
ٹھنڈی ہوا بہشت کی کیا خوب کھائینگے

دیدار مصطفیٰ پہ میری جان ہے فدا
صدقہ سے اونکے رویت جانانکو پائینگے

نسل بد سے ہی فاطمہ زہرا کی ہم پہ مہر
دست حسین سر پہ غریبونکی لائینگے

ہمکو حضور تام سے آگہ کرے خدا
پھولون نہ اپنی جسم مین چہ ہم سمائینگے

یارب تو فعل بد سے یہ مسکین کو بچا
جنت مین وہ ہمارے نہین ساتھ آئینگے

رسالہ فقہ

موسوم بہ

صورت نماز

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خیر المرسلین محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین ط بعد حمد وصلوٰۃ کے بوجھ کہ جاننا فرض کا اوپر عاقل و بالغ کے فرض ہے اور جاننا واجب کا واجب اور جاننا سنت کا سنت اور جاننا مستحب کا مستحب ہی فرض اللہ تعالی کے حکم کو کہتے ہین اور واجب بھی اوسیکا حکم ہے اور سنت جس کام پر رسول اللہ صلے اللہ تعالی علیہ و آلہ وسلم ہمیشگی فرمائے ہین اوسکو کہتے ہین اور مستحب جو کام نیک بیچ عبادت کے ہووے اوسے کہتے ہین اگرچہ تعریف ہر ایک کی بیچ بڑے جلدون کے مکتوب ہے

لیکن یہہ واسطے فہم لڑکون کے خوب ہے بوجہ ثابت کرے تیرے تئین اللہ تعالی اوپر راہ مستقیم کے اس بات کو کہ ایمان سات چیزون کے یقین کرنے کو کہتے ہین پہلے اللہ تعالی کی وحدنیت کا یقین کرنا یعنے نہین ہے دوسرا شریک اوسے دوسرا فرشتونکا یقین کرنا کہ مخلوق نورانی ہین اور ہمیشہ عبادت مین لاثانی ہین تیسرا انبیاؤنکا یقین کرنا کہ واسطے راہ بتانے آدمیون کے بہیجے ہوے اللہ تعالی کے ہین چوتھا کتابونکا یقین کرنا کہ یہہ کلام اللہ تعالی کا اوپر اون نبیون کے اوترا ہی پانچوان تقدیر کا یقین کرنا کہ نیکی اور بدی رنج اور راحت اللہ تعالی سے ہے چھٹا قیامت کے دن کا یقین کرنا کہ لوگ اوٹھینگے اور اپنے اعمال کی جزا پاوینگے خوب سمجھ کہ ایمان قایم ہونے کے پانچ تھم ہین پہلا زبان سی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہنا ہے دوسرا نماز ہے تیسرا روزہ ہے چوتھا زکواۃ ہے پانچوان حج ہے اب فرایض اور واجبات اور سنتین ان سبکی ساتھ سہل طریق کے بیان کئے جاتے ہین اللہ تعالی اپنے فضل سے سب اہل اسلام کو یاد کرنیکی ہدایت دیوے تاکہ مضبوطی ایمان کی ہووی اور دوچیزین

کہ عین ایمان ہین ایمانداروں کو نصیب کرے ایک تو وحدت
اللہ جل جلالہٗ کی اور دوسرے محبّت رسول اللہ صلے اللہ تعالے
علیہ و آلہ وسلّم کی آلٰہی طفیل سے اہل ایمان کے اس مسکین کو
دریائے احدیت اور دریائے عشق احمدیت مین غرق کر آمین
ثم آمین بہیبت محمّد سے ملے وحدت خدا کی ٭ آلٰہی وے محبّت
مصطفٰے کی۔ غسل کے تین فرض پہلا[1] فرض غرارہ کرنا دوسرا[2]
فرض ناک مین پانی لینا تیسرا[3] فرض تمام بدن کو دہونا غسل کے
پانچ سنتین پہلی[1] سنّت دونو ہاتھ پہنچوں تک دہونا دوسری[2]
سنّت جسم کو نجاست لگی ہو دہونا تیسری[3] سنّت استنجے
پاخانے کی جائے دہونا چوتھی[4] سنّت وضو کرنا پانچوین
سنّت تمام بدن تین مرتبہ دہونا وضو کے چار فرض پہلا[1] فرض
تمام مونھ دہونا یعنے پیشانی کے بال اوگنے کی جائے سے
نیچے تک ٹھڈی کے اور ایک کان کی لولک سے دوسرے
کان کی لولک تک دہونا دوسرا[2] فرض دونو ہاتھ کہنیاں تک
دہونا یعنے کہنیاں بھی دہونا تیسرا[3] فرض پاؤ سر کا مسح کرنا۔
چوتھا[4] فرض دونو پاؤن ٹخنوں تک دہونا یعنے ٹخنے بھی دہونا
وضو کے تیرا[13] سنتین ۔ پہلی[1] سنّت دونو ہاتھ پھونچوں تک دہونا

غسل کے تین فرض

غسل کے پانچ سنتین

وضو کے چار فرض

وضو کے تیرا[13] سنتین

دوسری سُنت بِسْمِ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ یہہ بولنا اگر کسی کو یاد نہووے فقط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کفایت کرتا ہے تیسری سُنت نویت اَنْ اَتَوَضَّأَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَلِاِسْتِبَاحَۃِ الصَّلٰوۃِ بولنا اگر کوئی عربی بول نہ سکے تو یہہ بولنا وضو کرتا ہون واسطے دور ہونے حدث کے اور واسطے درستی نماز کے سُنت ادا ہوتی ہے چوتھی سُنت کُلیان کرنا پانچوین سُنت مسواک کرنا چھٹی سُنت ناک مین پانی لینا ساتوین سُنت داڑہی کا خلال کرنا۔ آٹھوین سُنت تمام سر کا مسح کرنا نوین سُنت کانون کا مسح کرنا دسوین سُنت سیدہی طرف سے دہونا یعنے پہلے سیدہا پیچھے بایان دہونا گیارہوین سُنت ترتیب سے دہونا یعنی پہلے مونھ پیچھے ہاتھ بعد مسح سر کے پانون دہونا۔ بارہوین سُنت ہر ہر اعضا کو تین مرتبہ دہونا یعنے ہر ہر کریکو ہاتھ اور پانون کے۔ تیرہوین سُنت ہاتھ اور پانون کی اونگلیان کا خلال کرنا جان کہ مسح گردن کا مستحب ہے لازم کہ مسح سر کا اور کان کا ایک پانی سے کرے اور واسطے مسح گردن کے دوسرا پانی لیوے (بوج) کہ آگے وضو کے دو سُنتین ایک سُنت پیچھے پیشاب کے اور پیچھے پاخانہ کے ڈہیلے لینا دوسرے سُنت پانی لینا یعنے پانی سے دہونا۔

سر کے آگے وضو دا

وضو کے چھے مکروہ ہین

پہلا مکروہ وقت استنجے کے بات کرنا۔ دوسرا مکروہ بائین ہات سی بیعذر منہ مین اور ناک مین پانی لینا تیسرا مکروہ سیدہے ہات سے بیعذر ناک چہنکنا۔ چوتھا مکروہ پانی اوپر منہ کے زور سے مارنا پانچوان مکروہ کلیان جان بوجھکر بیہچ پانی کے کرنا۔ چھٹا مکروہ ناف سے گھٹنے تک اپنا بدن تہوڑا یا بہت بیہچ وضو کے دیکہنا

وضو گیارہ چیزون سے ٹوٹتا ہی

پہلی چیز پیشاب کی جاے سے کچہہ نکلنا یعنے پیشاب یا مذی یا ودی یا منی بے شہوت نکلے دوسرے چیز پاخانہ کے جائے سے کچہہ نکلنا یعنے پاخانہ یا ہوا یا کدو دانہ گیلا نکلے تیسری چیز کسی جائی سے لہو بہنے موافق نکلنا۔ چوتھی چیز کسی جائے سے پیپ بہنے موافق نکلنا پانچوین چیز قے منہہ بھر کر نکلنا چھٹی چیز ٹیکا لگا کر سونا ساتوین چیز دیوانہ ہونا۔ آٹھوین چیز کسی آزار سے بیہوش ہونا نوین چیز نشہ سے بیہوش ہونا۔ دسوین چیز ننگا ہو کر ننگی عورت کو لپٹنا گیارہوین چیز نماز مین بالغ نے پکار کر ہنسنا بعج کہ وقت نا ہونے پانی کے اللہ جل جلالہ نے واسطے آسانی امت محمد صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے طہارت مٹی سے فرمایا ہی نام اوس طہارت کا

تیمم ہے یقین جان کہ بال برابر طہارت پانی اور طہارت مٹی مین فرق نہین ہے کسواسطے کہ دونون حکم اوسی اللہ جل جلالہ کے ہین تیمم کے آٹھ سبب ہین پہلا سبب پانی چوطرف کو بھرتک دور ہوئے دوسرا سبب کوا ہوئے ڈول رسی نہوئے۔ تیسرا سبب پانی کے جائے جان یا مال کا ڈر ہووے یعنے شیر یا چور ہووے چوتھا سبب پانی والا قیمت سے پانی کے زیادہ مانگے یعنے قیمت سے بستی والون کے مسافرون سے زیادہ مانگے پانچوان سبب وضو کرنے سے پیاسہ رہوے چھٹا سبب لگانے سے پانی کے ہاتھ پاؤن اکڑین۔ ساتوان سبب لگانے سے پانی کے آزار زیادہ ہووے آٹھوان سبب وضو کرنے سے عید یا میت کی نماز جاوے۔

تیمم کے آٹھ

تیمم کے تین فرض

پہلا فرض نیت کرنا نَوَیْتُ اَنْ اَتَیَمَّمَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَلِاِسْتِبَاحَۃِ الصَّلٰوۃِ اس طور سے کہہ نہ سکے تو یہ کہے نیت کرتا ہون مین تیمم کی واسطے دور ہونے حدث کے اور واسطے درستی نماز کے دوسرا فرض دونون پنجے پاک مٹی پر

مارکر اوپر منہ کے ملے تیسرا فرض پھر دو نو پنجے مٹی پر مار کر دو نو ہاتو نکو کُہنیاں تک ملے جان کہ نماز کے چودہ فرض سات فرض باہر کے سات فرض اندر کے باہر کے یعنے آگے نماز کے ادا کرنا اندر کے یعنے بیچ نماز کے ادا کرنا۔ سات فرض باہر کے پہلا فرض تن پاک کرنا۔ یعنے احتیاج غسل کی ہو غسل کرنا یا احتیاج وضو کی ہو وضو کرنا۔ سیو آسے اون دو کے کیسی جائے نجاست لگی ہو تو پاک کرنا۔ دوسرا فرض جامہ پاک کرنا یعنے کپڑے نماز پڑہنے کے پاک ہونا۔ تیسرا فرض جائے پاک کرنا یعنے نماز پڑہنے کی جائے نجاست سے پاک رہنا چوتھا فرض ستر عورت کرنا۔ یعنے مردان نیچے سے ناف کے نیچے تک گہٹنون کے ڈھانپنا۔ اور عورتان سیو اسے منہ اور سیو اسے نیچے ہاتون پانون کے تمام بدن ڈھانپنا۔ اور باندیان مانند مردون کے ڈھانپنا۔ لاکن پیٹ اور پیٹ بھی ڈھانپنا۔ پانچوان فرض وقت پہچاننا یعنے وقت پانچون نمازون کا پہچاننا۔ چھٹا فرض قبلہ پہچاننا یعنے وقت نماز کے منہ طرف قبلہ کے کرنا۔ ساتوان فرض نیت کرنا یعنے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ صَلٰوۃَ ھٰذَا الْوَقْتِ اِقْتَدَیْتُ بِھٰذَا الْاِمَامِ لِلّٰہِ تَعَالٰی

نماز کے چودہ فرض

ستا فرض باہر کے

یا جو نماز ہوئے نام اوس نماز کا بیچ جائے وقت کے
بولے کوئی زبان عربی نا سمجھے یون کہے نماز پڑھتا ہون
مین فجر کی پیچھے اس امام کے واسطے اللہ کے اور رکعتین
ہر نماز کی بولے بہتر ورنہ دل مین تصور کرے اگر نمازی
اکیلا ہے نیت عربی مین اُقتَدَیتُ بِھٰذَا الاِمَامِ۔
نیت ہندی مین پیچھے اس امام کے نہ بولے بیچ سُنت
اور نفل کے نماز پڑھتا ہون مین واسطے اللہ تعالے
کے اتنا کفایت کرتا ہے سات فرض اندر کے پہلا فرض
تکبیر تحریمہ ہے یعنے بعد نیت کے اللہ اکبر بولے دوسرا
فرض قیام ہے یعنے بعد اللہ اکبر کے کھڑا رہوے تیسرا
فرض قرائت ہے یعنے کلام اللہ سے کچھ پڑھے چوتھا فرض
رکوع ہے یعنے دونون ہاتھون سے دونون گھٹنے پکڑ کر جھکے
اور پیٹھ مانند تختے کے برابر رکھے پانچوان فرض سجدہ
یعنے سات ٹکرے بدن کے زمین پہ رکھے ایک سر اور
دو پنجے ہاتون کے اور دو گھٹنے اور دو پنجے پانوں کے
جان کہ ناک شریک سر کے ہے چھٹا فرض قاعدہ آخر ہے
یعنے ہر نماز کے آخر مین موافق التحیات پڑھنے کے

سات

بیٹھے ساتوان فرض بعد قاعدہ آخر کے اپنے اختیار سے باہر ہونا ہے یعنے کچھ کام یا کلام کرے نماز کے بارہ واجب پہلا واجب سورہ فاتحہ پڑھنا یعنے الحمد کا سورہ پڑھنا دوسرا واجب ضم سورہ کرنا یعنے بعد الحمد کے کلام اللہ سے کوئی سورہ پڑھنا۔ تیسرا واجب فرض نماز کی دو رکعت اول مین قرارت پڑھنا۔ چوتھا واجب پکار کر پڑھنا یعنی بیچ فجر اور مغرب اور عشا کے پانچوان واجب آہستہ پڑھنا یعنے بیچ ظہر اور عصر کے چھٹا واجب ترتیب سے رکن ادا کرنا یعنے پہلے قیام پیچھے رکوع پیچھے سجدہ کرنا۔ ساتوان واجب آرام سے رکن ادا کرنا اس طور سے کہ ہر ایک ہات پانو کا اپنے جاے پر آکر آرام پکڑے۔ آٹھوان واجب نماز فرض مین اور وتر مین قاعدہ بیچ کا بیٹھنا۔ نوان واجب دونون قاعدون مین التحیات تمام پڑھنا یعنے وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ تک پڑھنا۔ دسوان واجب لفظ سلام بولنا یعنی اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ سیدہے اور بائین طرف بولکر نماز کے باہر ہونا۔ گیارہوان واجب وترین دعاے

قنوت پڑھنا بارہواں[12] واجب ہر نماز مین عید کے چھے[6] تکبیرین بولنا یعنے پیچھے تکبیر تحریمہ کے تین تکبیرین بولکر قرارت شروع کرنا۔ اور دوسری رکعت مین بعد قرارت کے تین تکبیرین بولکر رکوع کرنا جان کہ تکبیر اس رکوع کے واجب ہی اور بوجہ دو رکعت مین فرض کے قرارت پڑھنا فرض ہی اور باقی رکعتو مین مستحب ہے اور تمام رکعتون مین وتر اور سنت اور نفل کے قرارت فرض ہے اور قاعدہ بیچ کا سیوا ے وتر کے فرض ہے۔

نماز کے بیس[20] سنتین

پہلی[1] سنت دونون ہاتھ مردان کا نون تک اور عورتان مونڈون تک اوٹھانا دوسری[2] سنت نیچے ناف کے مردان اور عورتان اوپر چھاتی کے رکھنا تیسری[3] سنت سیدھا ہاتھ اوپر بائین کے رکھنا۔ چوتھی[4] سنت نظر جائے[4] پر سجدہ کے رکھنا۔ پانچوین[5] سنت سُبۡحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمۡدِكَ وَتَبَارَكَ اسۡمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيۡرُكَ پڑھنا چھٹی[6] سنت اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطَانِ الرَّجِيۡمِ بولنا ساتوین[7] سنت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط سے الحمد شروع کرنا اٹھوین[۸] سُنّت آخر مین الحمد کے آمین بُولنا۔ نوین[۹] سُنّت تین مرتبہ رکوع مین سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ بُولنا دسوین[۱۰] سُنّت رکوع سے امام سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتے ہوئے اوٹھنا۔ گیارہوین[۱۱] سُنّت مقتدیان رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ بُولنا بارہوین[۱۲] سُنّت تین مرتبہ سجدے مین سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی بُولنا تیرہوین[۱۳] سُنّت تمام تکبیرین اوٹھنے کی اور بیٹھنے کی بُولنا چودہوین[۱۴] سُنّت فرض کے دو رکعت آخر مین فقط الحمد کا سورہ پڑہنا پندرہوین[۱۵] سُنّت مرد ان بائین پانون پر اور عورتان دونون پاؤن سیدہے طرف نکالکر چوتڑون پر بیٹھنا سولہوین[۱۶] سُنّت بیچ قاعدہ کے نظر گود مین رکہنا سترہوین[۱۷] سُنّت سرہات پاؤن کے اُنگلیون کا وقت سجدہ کے اور قاعدہ کے طرف قبلہ کے رکہنا اٹھارہوین[۱۸] سُنّت درود قاعدہ آخر مین بعد التحیات کے پڑہنا انیسوین[۱۹] سُنّت بعد درود کے کچھ دعا اموردین مین مانگنا۔ بیسوین[۲۰] سُنّت وقت سلام کے سیدہے اور بائین طرف منھ پہیرنا۔ ترتیب نماز جانکہ حاجت سے پیشاب

اور پاخانہ کے فارغ ہوکر ساتھ درستی تمام کے فرضان
اور سُنّتان وضو کے ادا کرکر دل سے خطرات ماسوا اللہ
جُدا کرکر اوپر مصلے کے مانند غلام کے باادب آکر باادب
کہڑا رہو سے اور دونون ہاتون کو دونون جہان سے
اٹھاکر دونون کانون تک لاکر نیت نماز کی کھے بعدہ
ساتھ لفظ اللہ کے دو لو لک کو دونون انگہوٹھے لگاکر
ساتھ عظمت و جلال کے تصوّر اپنے معبود کا کرکر مانند چھجے
ناؤ کے ہاتون کو لاکر نیچے ناف کے رکھے پر اکبر کے
باندہے اِس طور سے کہ تین انگلیان سیدہے ہاتھ کے
بائین ہاتھ پر رہوین چھوٹی انگلی اور انگوٹھے سے پہونچا
پکڑے اور درمیان مین دونون پانون کے فاصلہ چہار
انگلیان کا رہوے اور نظر جائے پر سجدے کے رہوے
بعد اوسکے ثنا اور اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھکر سورۂ
فاتحہ تمام کرے اور آخر مین اوسکے آمین بولے بعدہ کوئی
سورہ ضم کرے اور دل کو سوائے اللہ کے کسی طرف
نہ کہے یا طرف معنے یا لفظون کے رکہے پیچھے ضم سورہ
اللہ اکبر اس طور سے کہے کہ رے اکبر کا پیچ رکوع کے

آخر ہووے وقت رکوع کے دونون پنجون سے دونون
گھٹنے پکڑ کر ہاتون کو مانند چلے کے سیدہے اور پیٹھ کو مانند
تختے کے رکھکر نظر پیٹ پر پاؤن کے رکھے بیچ رکوع کے
تین یا پانچ مرتبہ تسبیح کہکر سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ بولتے
ہوئے اوٹھے اور سیدہا مانند ستون کے آرام سے
موافق ایک تسبیح کے کہڑے رہوے بعد اوسکے ساتھ
اللہ اکبر کے سجدیمین جھکے کہ رے اکبر کا بیچ سجدے کے
تمام ہووے جان کہ واسطے سجدے کے ایسا سیدہا بیٹھے
گویا کسی نے پتھر بیچ پانی کے مارا اور طریق بیٹھنے کا یہ ہی
کہ پہلے سیدہا گھٹنا زمین پر رکھے۔ پیچھے بایان گھٹنا رکھے
بعدہٗ پہلے سیدہا ہات پیچھے بایان ہات رکھے بعد اون کے
پہلے ناک پیچھے پیشانی رکھکر نظر کو ناک یا گال پر رکھے اور
سر و رمیان مین ہاتون کے ایسا رکھے کہ کنکر کان سے
گرے تو ہات پر پڑے پیٹ کو رانون سے اور بازو
کو پہسلیون سے اور پنڈلیان اور کہنیان کو زمین سے
دور رکھے اور عورتان ان تمام کو ملادیوین نہایت
عجز سے سجدہ کرے بیچ سجدے کے تین یا پانچ مرتبہ

تسبیح کہکر اللہ اکبر بولتے ہوئے اُٹھے وقت اوٹھنے کے
پہلے پیشانی پیچھے ناک اوٹھاوے بعدہٗ پہلے بایان ہات
پیچھے سیدہا ہات اوٹھاکر درمیان مین دونو سجدون کے
آرام سے موافق ایک تسبیح کے بیٹھے بعد اوسکے اوسی
طور سے دوسرا سجدہ کرے بعد دوسرے سجدے کے
پہلے بایان گھٹنا پیچھے سیدہا گھٹنا اوٹھاکر قیام مین کہڑ
رہوے بوجہ کہ اس جائے ایک رکعت تمام ہوئی اور
دوسری رکعت مانند رکعتِ اول کے پڑھ کر قاعدے
مین بیچ حضوری کے باادب بیٹھے اور نظر گود مین رکھے
پہچون کو ہاتون کے زانوون پر ایسا رکھے کہ سرا ونگلیونکا
کنارے پر گھٹنون کے رہوے اور اُنگلیان آپسمین
نہ ملی نہ بہت کشادہ رہوین طرف قبلہ کے سرہاتھ پاؤن
کے اونگلیون کا رہوے بعد قاعدے کے التحیات
اس طور سے پڑہے اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ
وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ
وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا
وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ

